امر بالمعروف ونھی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ABC CERTIFIED★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:- محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز پیر 02 نومبر 2026 / 21 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 206

قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کا حق محفوظ رکھتے ہیں، وزارتِ اطلاعات

افغان طالبان قیادت کو چاہیے کہ وہ محض بیانات اور یقین دہانیوں کے بجائے اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کرے

پاکستانی شہریوں کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے اور قومی سلامتی کے معاملے پر پاکستان کے عزم کو کسی قسم کی کمزوری نہ سمجھا جائے، افغان طالبان ترجمان کی حالیہ حقائق سے چشم پوشی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے تازہ بیان کو گمراہ کن سوچ کا عکاس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کابل حکومت پاکستان کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی کی اصل وجہ، یعنی افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی، کو مسلسل نظرانداز کر رہی ہے۔ وزارتِ اطلاعات ونشریات نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ افغان طالبان کی قیادت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے پاکستان کی پالیسیوں کو موردِ الزام ٹھہرا رہی ہے، حالانکہ دونوں ممالک کے تعلقات میں خرابی کی (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

بہادر لوگوں کی جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آصفہ زرداری

اسلام آباد (اے این این) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری اور اہم ہدف ہے، عائشہ رضا فاروق

آج مہم شروع ہوگی، 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا ہے کہ ملک سے پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری اور حکومتِ پاکستان کا اہم قومی ہدف ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بچے ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کی صحت اور تندرستی کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں کو (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

مکہ دفاعی معاہدے میں شمولیت پر بات چیت جاری ہے، شام

مشرق وسطیٰ کو اس وقت مشترکہ دفاعی اور بازدار قوت کے نظام کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے، وزیرخارجہ

منامہ (جی این ایم) شام نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں شمولیت کے امکان پر باضابطہ بات چیت شروع ہونے کی تصدیق کر دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے بحرین میں منعقدہ منامہ ڈائیلاگ کے دوران کہا کہ دمشق کی مکہ اتحاد میں شمولیت کا جائزہ لینے کے لئے مذاکرات جاری ہیں۔ تاہم شام نے ابھی معاہدے میں شمولیت کا حتمی فیصلہ نہیں کیا۔ مکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان رواں سال اگست میں طے پایا تھا۔ معاہدے کی بنیادی شق کے مطابق کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملے کو (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی لاہور میں مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما ملک سلطان محمود ہنجرہ سے ملاقات، سیاسی امور پر تبادلہ خیال

عالمی سطح پر پاکستان کی بڑی کامیابی جی 24 کی چیئرمین شپ مل گئی

عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت، معاشی استحکام کا فائدہ سرمایہ کاری، روزگار، عوامی خوشحالی کی صورت میں ملنا چاہیے، وزیرخزانہ

وزیراعظم کا پاکستان کو جی 24 کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت، اہم سفارتی سنگِ میل قرار دے دیا، وزیرخزانہ اور وزارتِ خزانہ کی ٹیم کی محنت، موثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراجِ تحسین پیش

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز موثر بنانے کیلئے بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (جی 24 گروپ) کی سربراہی سنبھال لی، وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب جی 24 کے نئے چیئرمین بن گئے۔ اس موقع پر محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی مناسب نمائندگی اور منصفانہ مالیاتی نظام کیلئے آواز بلند کرے گا، عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینےکی ضرورت ہے، معاشی استحکام کے ثمرات سرمایہ کاری، روزگار اور عوامی خوشحالی کی صورت میں (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

بھارت پاکستان میں دہشتگردی کا سب سے بڑا سپانسر ہے

ترجمان پاک فوج

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری: بھارت پاکستان میں دہشتگردی کا سب سے بڑا اسپانسر ہے

افغانستان اب بھی غیر ریاستی عناصر کے زیر اثر ہے اور وہاں ایک رجیم قائم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد متعدد انٹیلی جنس ایجنسیوں اور پراکسی گروپس نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں

افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے لیے دہشت گردوں کی تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں

راولپنڈی (اے این این) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے افغان طالبان نے پاکستان میں دہشت گردی کی حمایت بند نہ کی تو سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ عالمی خبر رساں ادارے 'رائٹر' کو 30 اکتوبر کو دیے گئے انٹرویو میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سپانسر ہے جبکہ افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کر (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

پارلیمانی کمیٹیوں میں برابر نمائندگی کا مطالبہ قانون کے مطابق نہیں، نیئر بخاری

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پی پی پی پی) کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی مضبوط رہا (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی

97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے

لاہور (اے این این) ملک بھر کے 97 مخصوص اضلاع میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ رواں سال کی تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک کے 97 مخصوص اضلاع (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان جاپان سے سے آئے وفد کے سربراہ مسٹر عرفان صدیقی کو شیلڈ دے رہے ہیں

عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا، وزیر پٹرولیم

پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کر کے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے

آبنائے ہرمز کے بحران کا دیگر ممالک کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعمال سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زر مبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں، عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو بھی فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ اتوار کو نجی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مقبول فیصلوں کے بجائے ملکی زر مبادلہ (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)


WIDENING & REHABILITATION OF MOTORWAY M-4
Typical Cross Sections - Original vs Proposed Options

فیصل آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کمالپور انٹرچینج پر موٹروے ایم فور کے توسیعی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

کوئٹہ میں ایل پی جی 650 روپے فی کلو تک پہنچ گیا

ایران بارڈر کی بندش سے ایل پی جی بحران کا خدشہ، قیمت 1200 روپے فی کلو تک جانے کی پیش گوئی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ ہو گیا، فی کلو قیمت 650 روپے جبکہ 12 کلو گرام کا گھریلو سلنڈر 7 ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ ڈرائیوروں، ہوٹلوں، تندوروں اور دیگر کاروباری شعبوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ ایل پی جی ڈیلرز نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

بروقت ہینڈلنگ سے زرعی پیداوار کو فروغ اور غذائی تحفظ یقینی بنے گا: جنید انوار

بندرگاہوں کو جدید بنانے اور قیام کے دورانیے میں کمی کے لیے اصلاحات جاری ہیں

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے کھاد اور گندم لے کر آنے والے دو غیر ملکی بلک کیریئرز کو بیک وقت برتھ فراہم کر کے مجموعی طور پر ایک لاکھ ایک ہزار ٹن ضروری اشیائے درآمد کی ہینڈلنگ کی ہے۔ وفاقی وزیر نے اس آپریشن میں حصہ لینے والے کے پی ٹی کے انجینئرز، پورٹ آپریٹرز، پائلٹس، ٹرمینل آپریٹرز اور ڈاک ورکرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان کا یومِ آزادی جوش و جذبے سے منایا گیا

آئی ایس پی آر کا خصوصی ملی نغمہ شانِ پاکستان، گلگت بلتستان ریلیز

گلگت (جی این ایم) گلگت بلتستان میں یکم نومبر کو یومِ آزادی قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر دن کا آغاز خصوصی دعاؤں سے ہوا۔ صوبہ بھر میں مختلف تقریبات اور پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ یاد رہے یکم نومبر 1947 کو پاکستان سے الحاق اور ڈوگرا راج کے خاتمے کے لیے گلگت بلتستان کے عوام جنگِ آزادی میں کامیاب ہوئے تھے۔ یکم نومبر 1947 کو گلگت سکاؤٹس اور مقامی جانبازوں نے ہندوستانی فوج (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرمین سینیٹ کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ملکی تاریخ کا ایک قابلِ فخر باب ہے

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر علاقے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی تاریخی جدوجہد، قربانیوں اور پاکستان سے غیر متزلزل وابستگی کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ملکی تاریخ کا ایک قابلِ فخر باب ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے مختلف (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکا اور اسرائیل کا ایرانی قیادت کو حزب اللہ طرز کے پیجر حملوں سے نشانہ بنانے کا منصوبہ

تل ابیب کے پاس ایسے خفیہ کارڈز اور حکمت عملی موجود ہے جو تہران کی حکومت کو مکمل طور پر گرا سکتی ہے، سابق موساد اہلکار کا دعویٰ

واشنگٹن میں تیار کردہ جنگی منصوبے انتہائی تباہ کن ہیں، انکے نفاذ سے شہری بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، سینیٹر کرس مرفی

تل ابیب، واشنگٹن (جی این ایم) اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے ایک سابق اعلیٰ عہدیدار نے کہا ہے کہ اگر تہران کے ساتھ تنازع دوبارہ شروع ہوتا ہے تو اسرائیل اور امریکا لبنانی تنظیم حزب اللہ کے خلاف کیے گئے پیجر حملوں کی طرز پر ایک انتہائی اچانک اور حیرت انگیز کارروائی کے ذریعے ایرانی فوجی قیادت کا خاتمہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امریکی اخبار نیویارک پوسٹ کو دیئے گئے انٹرویو (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

یمنی فوج کا حوثیوں کیخلاف آپریشن جاری 427 جنگجو ہلاک مارے گئے

142 فوجی گاڑیاں، جنگی سازوسامان اور نقل وحمل کے ذرائع تباہ، ریاض ایئرپورٹ پر 94 فیصد پروازیں منسوخ ہوئیں، بلوم برگ

حوثی ملیشیا داعش اور القاعدہ سے بھی زیادہ خطرناک، حوثیوں کی کارروائیاں عالمی معیشت اور بین الاقوامی امن وسلامتی کو متاثر کر رہی ہیں، یمنی وزیر خارجہ ڈاکٹر افرا الزوبہ

صنعا، ریاض (جی این ایم) یمنی فوج کے حوثی ملیشیا کے خلاف جاری آپریشن فجر الیمن کے تحت تازہ کارروائی میں 427 جنگجو ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یمنی مسلح افواج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران حوثی قیادت، اجتماعات اور فوجی قافلے کو نشانہ بنایا گیا، حوثی ملیشیا کی کمک، فوجی ٹھکانوں اور رسد کے ذرائع پر بھی حملے کیے گئے۔ یمنی فوج کا کہنا ہے کہ (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، میر سلیم کھوسہ

عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے آنیوالے بجٹ میں مواصلات وتعمیرات کے لیے خطیر رقم رکھی گئی ہے جو عوام کے مفاد عامہ پر استعمال کی جائے گی عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' یہ بات انہوں نے عیدالاضحٰی کے موقع پر مختلف قبائلی، سیاسی اور سماجی وفود نے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی' حکومت بلوچستان ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا ہم بھی کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے ہم (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

جنگ دوبارہ شروع ہونے کی صورت میں ایران کا انتقامی منصوبہ

تہران (جی این ایم) ایران کے ایک سینئر سیکیورٹی اہلکار نے انکشاف کیا ہے کہ تہران نے مشرق وسطی میں واقع مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیٹا مراکز کو اپنے ممکنہ جوابی اہداف کی فہرست میں شامل کر لیا ہے، اور امریکا یا اسرائیل کے ساتھ دوبارہ جنگ چھڑنے کی صورت میں یہ تنازع ایک طویل اور غیر متوقع جنگ میں تبدیل ہو جائے گا۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی رپورٹ کے مطابق ایرانی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ علاقائی مصنوعی ذہانت کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے سے توانائی کا بحران پیدا ہوگا اور آبنائے ہرمز کی بندش (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر علیم خان کا کمال پور انٹرچینج پر منصوبے کا معائنہ

ایم 4 کے توسیعی منصوبے پر تعمیراتی کام تیز، اگلے ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کرنے کا حکم

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے موٹروے ایم 4 کے توسیعی منصوبے پر تعمیراتی کام تیز کرنے اور اگلے ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کرنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزیر نے کمال پور انٹرچینج پر منصوبے کا معائنہ کیا اور این (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، انسدادِ بدعنوانی کی خصوصی عدالت کا بڑا فیصلہ

ٹھیکیدار اور ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ نصیرآباد کو 7,7 سال قید کی سزا

کوئٹہ (یو این اے) خصوصی عدالت انسداد بدعنوانی بلوچستان کوئٹہ کے جج نجیب اللہ خان کاکڑ نے مقدمہ نمبر 03/2025 بابت ایف آئی آر نمبر 01-N/2024 تھانہ اینٹی کرپشن بلوچستان میں ٹھیکیدار اور ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ نصیرآباد (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری کا گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی پر پیغام

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر اپنے خصوصی پیغام میں یوم آزادی پر گلگت بلتستان کی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک روشن اور یادگار دن ہے، یکم نومبر گلگت بلتستان کے عوام کی بہادری، قربانیوں اور آزادی کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے پی پی پی میڈیا سیل سے جاری پیغام میں کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابلِ فخر باب ہیں، گلگت بلتستان (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیر مقدم، حکومتی سرپرستی میں گودام بھی تعمیر کیے جائیں، ہمایوں اختر

عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا، اب ان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے، سابق وفاقی وزیر

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کسانوں کو مالی سہولتوں کی فراہمی کے لیے اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے تجویز دی ہے کہ اس منصوبے کو وسعت دے کر حکومتی سرپرستی میں گوداموں کی تعمیر بھی کی جائے تاکہ کسان اچھی قیمت ملنے تک اپنی فصلیں محفوظ رکھ کر مڈل مین کے استحصال سے بچ سکیں، کسانوں کو آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے زرعی اخراجات پورے کرنے اور فصلوں کی بہتر پیداوار کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ ہمایوں اختر خان نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین، کسانوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں اور مقامی مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر کسانوں کو درپیش مالی مشکلات، زرعی مداخل کی بڑھتی قیمتوں، آبپاشی، فصلوں کی مناسب قیمت اور اجناس کو ذخیرہ کرنے کی سہولتوں پر گفتگو کی گئی۔ حلقے کے عوام کو صاف پانی، سیوریج، رابطہ سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولتوں (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیاسی ومعاشی استحکام کیلئے قومی اتحاد، قانون کی بالادستی ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

سیاسی جماعتیں ملکی مفادات کو ترجیح دیں، وکلاء کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور (جی این ایم) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چوہدری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ سیاسی و معاشی چیلنجز سے نکالنے کے لیے قومی یکجہتی، مضبوط اتحاد اور باہمی ہم آہنگی کی اشد ضرورت ہے، سیاسی جماعتیں ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو ترجیح دیں اور ملک کی ترقی و استحکام کے لیے مشترکہ کردار ادا کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں محاذ آرائی اور تقسیم کے بجائے مفاہمت، برداشت اور قومی سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی ترقی کے لیے سیاسی و معاشی استحکام، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بجلی و گیس کے بڑھتے اخراجات اور عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے حکومت اور تمام قومی اداروں کو (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

G-24 کی چیئرمین شپ کا ملنا عالمی سطح پر پاکستان کے مؤثر کردار کا اعتراف ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کی وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین، G-24 کی صدارت عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات کا اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی

موسمیاتی تبدیلیوں اور پائیدار ترقی کے لیے پاکستان اپنا مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا: شہباز شریف کا شمولیت پر اظہار مسرت

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز مؤثر بنانے کیلئے جی 24 گروپ کی سربراہی سنبھال لی، وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب جی 24 کے نئے چیئرمین بن گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی مناسب نمائندگی اور منصفانہ مالیاتی نظام کے لیے آواز بلند کرے گا، عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت ہے، معاشی استحکام کے ثمرات سرمایہ کاری، روزگار اور عوامی خوشحالی کی صورت میں سامنے آنے چاہئیں۔ وزیرخزانہ نے عالمی مالیاتی اداروں میں ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی بڑھانے اور تمام ممالک کو فیصلہ سازی میں مناسب حصہ دینے پر زور دیا، ترقی پذیر ممالک کو سستی اور بروقت مالی معاونت فراہم کی جائے، قرضوں کے مسائل کا پائیدار حل نکالا جائے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا پاکستان جی 24 کی سربراہی میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں جزوی ابر آلود رہے گا

بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں جزوی ابر آلود جبکہ بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود اور صبح ورات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کا امکان ہے۔ تاہم رات کے اوقات میں بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہو سکتی ہے۔ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم صبح اور رات کے اوقات میں خنکی رہے گی۔ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سردی رہے گی۔ چترال، دیر، سوات، کوہستان، کرم اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

گورنر کے پی کا شہدا کے بچوں کی تعلیم، روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام، فخرِ شہدا اسکالرشپ پروگرام کا آغاز

شہدا کے بچوں کو پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی، گورنر فیصل کنڈی

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہدا کے بچوں کی تعلیم اور روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام اٹھایا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ ہومز کی مشترکہ کاوش سے فخرِ شہدا سکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، پروگرام کے تحت شہدا کے بچوں کو پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفاعِ وطن میں شہید ہونے والے پاک فوج، پولیس، لیویز اور ایف سی اہلکاروں کے بچوں کو انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم دی جائے گی، فخرِ شہدا سکالرشپ شہدا کے خاندانوں سے یکجہتی اور ان کی معاونت کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے بچوں کیلئے خصوصی کیڈٹ کالج قائم کیا (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ تحصیل جھل مگسی میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت میں سکھوں کے بدترین قتلِ عام کو 42 سال گزر گئے

فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، سیکڑوں خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت میں سکھوں کے بدترین اور شرمناک قتلِ عام کو 42 سال بیت گئے۔ یکم نومبر 1984 بھارتی تاریخ کے دردناک واقعات میں شمار ہوتا ہے، جب سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کے قتل کے بعد شروع ہونے والے سکھ مخالف فسادات کو آج 42 سال گزر چکے ہیں۔ 31 اکتوبر 1984 کو اندرا گاندھی کے قتل کے بعد سکھوں کے خلاف جان لیوا تشدد شروع ہوا، جو 3 روز تک بلا روک ٹوک جاری رہا۔ ان فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، جبکہ سیکڑوں خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ افسوسناک واقعات محض سکھ برادری کے خلاف تشدد نہیں بلکہ انسانی حقوق اور بنیادی اقدار پر گہرا حملہ تھے۔ عالمی ذرائع ابلاغ اور بین الاقوامی جریدوں نے بھی سکھوں کے قتلِ عام کو بھارتی تاریخ کا شرمناک باب قرار دیا ہے۔ ڈپلومیٹ کے مطابق انتہا پسند ہندوں نے ووٹر فہرستوں کے ذریعے چن چن کر سکھوں کی شناخت کر کے انہیں موت کے گھاٹ اتارا۔ ہیومن رائٹس واچ کے (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ۔ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

حکومت کی اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کی دعوت

حکومتِ پاکستان نے آئندہ انتخابات کو شفاف بنانے کے لئے اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کے معاملے پر مذاکرات کے علاوہ پارلیمانی کمیٹیوں میں واپسی کی دعوت بھی دے دی ہے۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کے مطابق قومی اسمبلی سے مشترکہ الیکشن ریفارمز کمیٹی کے قیام کی تحریک منظور کی جا چکی ہے جو 30 ارکان پر مشتمل ہوگی اور اِس میں قومی اسمبلی کے 20 جبکہ سینیٹ کے 10 ارکان شامل ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر سپیکر قومی اسمبلی اپوزیشن کو خط لکھیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر ایک وفد نے اپوزیشن قیادت سے ملاقات کر کے اُنہیں کمیٹی میں شامل ہونے کا پیغام پہنچایا ہے جبکہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عامر ڈوگر نے اِس دعوت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دعوت قبول کرنے اور نام فائنل کرنے کا فیصلہ پارٹی کی سینئر قیادت کرے گی۔ پاکستان میں جمہوریت کا سفر ہمیشہ سے چیلنجوں سے بھرپور رہا ہے اور اِن چیلنجوں میں بڑا مسئلہ عام انتخابات کے بعد اُٹھنے والی دھاندلی کی آوازوں اور اُس کے بعد پیدا ہونے والا سیاسی عدم استحکام ہے، گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران ہونے والا کوئی ایک الیکشن بھی ایسا نہیں تھا جس میں دھاندلی کا شور نہ مچایا گیا ہو، ہارنے والے نے جیتنے والے کی جیت کو تسلیم کیا ہو، یہی وجہ ہے کہ سیاسی استحکام آ کر ہی نہیں دیتا۔ اِس مسئلے کے پائیدار حل کے لئے حکومت نے ایک اہم اور مثبت پیشرفت کرتے ہوئے اپوزیشن کو انتخابی اصلاحات کے معاملے پر مذاکرات اور پارلیمانی کمیٹی میں شامل ہونے کی باقاعدہ دعوت دی ہے۔ حکومتی کاوش انتخابی نظام کو شفاف، غیر متنازع اور معتبر بنانے کی سمت ایک بڑا اقدم ہے۔ پی ٹی آئی کی طرف اِس پیشکش کو ''خوش آئند'' قرار دینا بھی خوش آئند ہے تاہم اب اصل امتحان پی ٹی آئی سمیت اپوزیشن جماعتوں کی سینئر قیادت کا ہے کہ اِس موقع سے کیسے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ ملک اِس وقت جن حالات سے دوچار ہے وہاں مزید کشیدگی اور الزامات کی سیاست کی شاید گنجائش نہیں بچی۔ یہ وقت اِس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ منتخب نمائندے اعلیٰ درجے کی سیاسی بصیرت، پختگی اور قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔

پاکستان کے انتخابی نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنا بڑی قومی ضرورت ہے۔ دھاندلی کے الزامات، الیکٹرانک ووٹنگ، بائیومیٹرک تصدیق، نگران حکومتوں کے کردار اور الیکشن کمیشن کی خودمختاری جیسے اہم امور پر تمام سیاسی جماعتوں کا ایک پیج پر ہونا لازم ہے۔ ملک کی تمام بڑی سیاسی جماعتیں جب تک مل بیٹھ کر انتخابی قواعد وضوابط پر اتفاقِ رائے قائم نہیں کریں گی، آنے والے کسی بھی الیکشن کو تنازعات سے پاک بنانا ممکن نہیں ہوگا۔ پارلیمانی اپوزیشن کمیٹی کا بائیکاٹ کرتی ہے یا محض سیاسی نقطہ نظر کے تحت اِس عمل سے دور رہتی ہے، تو اِس سے نہ صرف انتخابی اصلاحات کا عمل نامکمل رہے گا بلکہ آئندہ کے انتخابات پر بھی تحفظات کے بادل چھائے رہیں گے۔ اپوزیشن کو یہ سمجھنا ہوگا کہ احتجاج اور تنقید جمہوریت کا حُسن ضرور ہیں لیکن پارلیمان کے اندر بیٹھ کر قانون سازی اور اصلاحات میں حصہ لینا اُس سے کہیں بڑی جمہوری ذمہ داری ہے۔ الزامات کی سیاست نے ہماری سیاسی ثقافت کو شدید نقصان پہنچایا ہے، احتجاجوں، لانگ مارچوں اور دھرنوں سے ملک کی ساکھ اتنی متاثر ہو چکی ہے کہ معاشی بہتری کے باوجود سرمایہ کاروں کا اعتماد تا حال متزلزل ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ الزامات کے اِس لاحاصل سلسلے کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا جائے۔ انتخابی اصلاحات کمیٹی ایک ایسا فورم ہے جہاں اپوزیشن اپنے تمام خدشات، تحفظات اور تجویز کردہ اصلاحات کو کھل کر سامنے رکھ سکتی ہے۔ انتخابی طریقہ کار اور الیکشن کمیشن میں جتنی بھی خامیاں ہیں اُنہیں نعرے بازی کے بجائے پارلیمانی مذاکرات کی میز پر آئینی وقانونی تدابیر کے ذریعے درست کیا جانا چاہئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی طرف سے اپوزیشن کو ساتھ لیکر چلنے کی کوششیں اِس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت انتخابی اصلاحات کو یکطرفہ بنانے کے بجائے تمام فریقین کی مشاورت سے اِنہیں جامع بنانا چاہتی ہے۔ اب گیند اپوزیشن کے کورٹ میں ہے۔ اِسے چاہئے کہ وہ پارٹی مفادات اور وقتی سیاسی تلخیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اِس کمیٹی کا حصہ بنے اور انتخابی اصلاحات میں اپنا حصہ ڈالے۔ جمہوریت کی مضبوطی کا راز اداروں کے استحکام اور انتخابی عمل کی شفافیت میں مضمر ہے۔ عوام کو جب یہ یقین ہوگا کہ اُن کا ڈالا گیا ووٹ مکمل طور پر محفوظ ہے اور اُس کے نتیجے میں قائم ہونے والی حکومت واقعی اُن کی منشاء سے آئی ہے تو ملک میں خود بخود سیاسی استحکام پیدا ہونا شروع ہو جائے گا۔ سیاسی قیادت نے مل جُل کر شفاف اور غیر متنازع انتخابی نظام کی بنیاد رکھ دی تو یہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک انمول تحفہ ہوگا اور ملک سیاسی بحرانوں کے چکر سے باہر نکل جائے گا۔

اردو کا مستقبل۔ ایک ذاتی تناظر (4)

شاہد ملک

سیالکوٹ کینٹ میں مسز میسی کے ڈیسک کرسیوں اور رنگین پردوں والے انگلش میڈیم ادارے سے اڈہ پسروریاں کے ٹاٹ مارکہ پرائمری سکول کو ہجرت کی کہانی شخصی خاکوں کی کتاب 'یار سرائے' میں بیان کی جا چکی ہے۔ فی الوقت حاصلِ غزل یہ ہے کہ ابتدا میں اردو کے بغیر فقط انگلش پڑھی تھی، اب انگلش بھلا کر اردو پر زور لگانا پڑا۔ زبانوں کی مسافت کو پاٹنے میں ایک تو قرآنی قاعدہ کی پیشگی حرف شناسی کام آئی۔ دوسرے، ہمارے 'مسلم لیگی' والد کے دوقومی نظریہ سے بھی مدد ملی۔ اِس لئے کہ روزمرہ گفتگو میں وہ 'ادبی دنیا' کے ایڈیٹر مولانا صلاح الدین احمد کے اِس قول کا حوالہ تسلسل سے دیا کرتے کہ اردو پڑھو، اردو بولو، اردو لکھو۔ پڑھنے، بولنے میں تو رکاوٹ تھی نہیں، پر میڈیم تبدیل ہو جانے پر تختی کی تحریری مشق کا منظر دُہرا دینا دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا۔

''دادی کی رہنمائی میں، جنہیں ہم سب بی جی کہتے، اردو کتاب کے سبق سے فارغ ہو کر گھر کی بیٹھک میں دری پہ پیشہ ور کاتبوں کی طرح بیٹھا ہوں۔ دائیں ہاتھ پہ کریم کی پرانی شیشی پر مبنی دوات ہے جس میں دانے دار سیاہی کی پڑیا کو کلک یا کانے کے قلم کی الٹی سائیڈ سے سرسوں کے ساگ کی طرح گھوٹا گیا ہے۔ بیچ میں چھوٹا سا صُوف یعنی کپڑا جس کا روشنائی کے رچاؤ میں رول واقعی اگلے وقتوں کے صوفیائے کرام جیسا ہے۔۔۔ ابا نے 'الف ب' لکھنی دو دن میں سکھا دی تھی۔ اب باری ہے چھوٹے چھوٹے جملے لکھنے کی۔ ''ڈوبا لو'۔ ڈوبا لیتا ہوں۔ ''ہاں بیٹا، الف۔۔۔ آرام سے لکھو۔۔۔ بالکل ٹھیک ہے''۔ دوبارہ ڈوبا لیتا ہوں۔ ''اب 'ن'۔۔۔ پہلے چھوٹا سا الف، پھر دائرہ۔۔۔ ایں۔۔۔ شاباش''۔۔۔ ذرا سا وقفہ لے کر ''اب 'ن' کا گھیرا سوہنا کر کے۔۔۔ آ آ۔۔۔ بس، بس، بس۔'' قلم دائرے میں گھماتے ہوئے کبھی کبھی 'چِززززز' کی ہلکی سی آواز نکلتی مگر تب تک پتا نہیں تھا کہ مرزا غالب نے اِسی کو نوائے سروش کہا ہے۔''

یہ ہے سیکھنے سکھانے کا انفرادی تجربہ۔ سکول میں بھی کسی طالب علم کے لیے یہ پیچیدگی بڑا مسئلہ نہ بنی کہ اردو کے حروفِ تہجی الفاظ کی ساخت کے لحاظ سے اپنی صورتیں بدلتے رہتے ہیں۔ صرف 'ع' کو لے لیں۔ 'عینک'، 'معلّم'، 'شمع' اور 'الوداع' چاروں میں اِس کی شکلیں جدا جدا ہیں۔ مگر ہم تو اُس جرمن میم کی طرح تھے جسے ایک مولوی صاحب نے یوں چپکے سے مسلمان کیا کہ اُسے پتا ہی نہیں چلا۔ چھٹی سے ذرا پہلے زہرہ بائی انبالے والی اور سہیلیوں کی پیروی میں پہاڑے گنگنانے کا عمل پنجابی کورَس کی شکل میں شروع ہو جاتا۔ اِسی نیم کلاسیکل گائیکی کی بدولت کیلکولیٹر کی سی تیزی سے چھوٹے موٹے اعداد کو ضرب دینے کی مہارت ابھی تک برقرار ہے۔ تو، شاہد ملک، نکتہ کیا ابھرا؟ کچھ بھی نہیں، بس ایک چھوٹا سا لفظ ہے 'موٹیویشن'۔ موٹیویشن کہیں باہر سے درآمد نہ ہوئی بلکہ یہ تدریسی طور طریقے ہماری تمدنی روایت میں رچے بسے تھے۔

اِس ٹھہرے ہوئے ماحول میں والد نے ایک دن اعلان کیا کہ پاکستان بنے آٹھ نو سال ہو چکے ہیں، اس لیے آئندہ گھر میں سب اردو بولیں گے۔ اِس پر مجھے خوشگوار غیر جانبداری کے سوا کوئی نمایاں ردِ عمل یاد نہیں، نہ غم نہ خوشی۔ شاید اِس لئے کہ اردو تقسیمِ ہند سے بہت پہلے اہلِ پنجاب کے تخلیقی اظہار کا عمومی میڈیم بن چکی تھی۔ اِسے مغلیہ حکومت کا شیرازہ بکھرنے پر سکھوں کے غلبے کا تمدنی ردِ عمل کہیں یا نئی قومیتی شناخت کا امکانی تقاضا، مگر بزرگ بتاتے ہیں کہ 1941ء کی مردم شماری میں پنجاب کے بیشتر شہری مسلمانوں نے زبان کے خانے میں اردو کا اندراج کرایا۔ گھر میں مزیدار بات یہ ہوئی کہ دادی دادا ناظرہ قرآن اور اردو اخبار تو آسانی سے پڑھ لیا کرتے، لیکن اردو بول چال میں روانی نہیں تھی۔ یوں ہمارے مشترکہ خاندان میں اِس کی ترویج کامیاب نہ ہو سکی مگر اِس کی حمایت یا مخالفت میں کچھ کہنے یا سُننے کی نوبت بھی نہ آئی۔

اب مجھے یوں لگتا ہے کہ اِس نئی صورتحال کی کوئی طبقاتی جہت ضرور ہوگی، اگرچہ یہ ثابت کرنے کے لئے میرے پاس مطلوبہ اعداد و شمار نہیں ہیں۔ ہاں، یہ پہلو غور طلب ہے کہ ہمارے انگلش میڈیم سکول میں بیشتر بچے استانی کی غیر موجودگی میں ایک دوسرے سے انگریزی نہیں، اردو بولتے تھے۔ خود زیادہ تر پیلی ساڑھی میں ملبوس مسز میسی کی اکثر ہدایات انگریزوں کی طرح 'آ ئیک پھیالہ ٹھنڈا پھانی' ٹائپ اردو میں ہوا کرتیں۔ جیسے یہی کہ 'بچو، کھب صُرت کھب صُرت کر کے لکھنا ہائے'۔ اردو ذریعہ ء تعلیم والے سکول میں البتہ ماسٹر وزیر چند، جو تقسیم کے وقت اپنی مرضی سے پاکستان میں رہ گئے تھے، اردو پڑھا کر حساب اور ضلعی جغرافیہ کے مضامین پنجابی میں سمجھاتے۔ نہ مسز میسی کی کلاس میں دِقت ہوئی نہ ماسٹر وزیر چند کے اسباق مشکل لگے۔

نئے سکول کی ایک تمدنی تربیت گاہ واپسی پر سڑک پار کر کے اُلٹے ہاتھ پر ہماری پھوپھو ممتاز کا گھر بھی تھی جن کے شوہر کو پرانے خاندانی حوالے سے ہم نے ہمیشہ چاچا جی ہی کہا۔ بازار جانا ہو یا سکول، یہ مکان راستے میں پڑتا۔ بس دروازہ پھاندا اور اندر۔ آپا مریم، چھوٹی بہن نور سکینہ، تایا اسحاق، چچا سردار ہمیں دیکھ کر یوں خوش ہوتے جیسے انتظار میں بیٹھے ہوں۔ ابا جمعہ کی نماز سنجیدہ عالمِ دین مولوی بشیر کے پیچھے پڑھ کر کچی مسجد سے نکلتے تو کہتے کہ چلو یعقوب صاحب کی طرف چلیں۔ یہ مردانہ شاونزم تھا یا کچھ اَور، لیکن وہ بہن کی بجائے بہنوئی کا نام لیتے۔ پھوپھو ہمیں دیکھتے ہی خاطر مدارت میں لگ جاتیں۔ کبھی پھل، کبھی ریوڑیاں اور چلغوزے، منہ میٹھا کرنے کو گجریلا، کھیر یا گڑ والے چاول، مگر مزہ تو ابا کی غیر موجودگی میں آتا جب پھوپھو کے ساتھ گیند کھیلتے ہوئے ہم وہ روایتی گیت گانے لگتے جنہیں پنجابی میں 'تھال' کہتے ہیں۔ یہ گیت انگریزی کی قدرے بے معنی مگر مزاحیہ صنفِ سخن 'لمرِک' کے قریب ہیں۔ کلام ملاحظہ ہو:

بے اعتباری، معاشرتی ناسور

نسیم شاہد

یہ جملہ تو ہم میں سے اکثر نے سنا اور بولا ہے کہ زندگی سے اعتبار اُٹھ گیا، کسی کی وفات پر، ناگہانی موت پر یا حادثے کے موقع پر یہ جملہ اکثر استعمال ہوتا ہے، مگر صاحبو! میں جس اعتبار کی بات کر رہا ہوں وہ معاشرتی اعتبار ہے۔ پتہ نہیں اس کا کسی کو احساس بھی ہے یا نہیں کہ ہم ایک بے اعتباری کے عہدِ بلاخیز میں زندہ ہیں، زندگی کا کوئی ایک معاملہ بھی ایسا نہیں رہا جو یقین کی دولت سے مالا مال ہے۔ ایسے ایسے گوشے بھی اس بے اعتباری کی زد میں آ گئے ہیں کہ حیرانی ہوتی ہے۔ کل ہی کی بات ہے میں بازار سے گزر رہا تھا کہ پیچھے سے کسی کے پکارنے کی آواز آئی۔ میں نے پلٹ کر دیکھا تو ایک جنرل سٹور والے صاحب تھے، جن سے میری پرانی یادِ اللہ تھی، میں اُن کے پاس گیا تو انہوں نے کہا ایک مشورے کی ضرورت ہے۔ میں نے کہا پوچھو، اُس نے کہا بیگم بیمار ہے، چھوٹے اور عام ڈاکٹروں سے تو افاضہ نہیں ہوا، کوئی بڑا ڈاکٹر آپ کا واقف ہے۔ میں نے ذہن پر زور دیا تو اُس مرض کے ایک سینئر ڈاکٹر یاد آ گئے، میں نے کہا اُن کے پاس لے جاؤ، اچھے ڈاکٹر ہیں۔ وہ کہنے لگا بہت زیادہ ٹیسٹ تو نہیں لکھ دیں گے، دوائی تو مہنگی نہیں لکھیں گے؟ ہمارے پاس الٹراساؤنڈ، ایکسرے، لیبارٹری کی رپورٹیں سب کچھ ہے، نئے تو نہیں کرائیں گے؟ میں نے کہا دیکھو اِس بارے میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ یہ تو وہ خود ہی بتائیں گے۔ کہنے لگا میں نے اتنے زخم کھائے ہیں کہ اب ڈر لگتا ہے، ویسے بھی پیسے اتنے موجود نہیں۔ اب میں اُسے کیا کہتا۔ البتہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ اس شعبے میں بے اعتباری کتنی پھیل چکی ہے، مریض اور اُس کے ورثاء کو معالج ایک ایسا ڈاکو لگنے لگا ہے جو اُس سے سب کچھ چھیننے کے درپے ہے۔ کبھی معالج اور مریض کا رشتہ اعتماد اور بھرسے کا ہوتا تھا۔ اس وقت بحیثیت معاشرہ ہماری حالت یہ ہے کوئی بھی کام کرتے ہوئے سب سے پہلا خیال یہی آتا ہے کہیں دھوکہ نہ ہو جائے، کیونکہ معاشرہ ''ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ'' کی عملی مثال بنا ہوا ہے۔ دکانوں پر یہ ضرور لکھا ہوتا ہے آپ کے اعتماد کا نشان، مگر جب واسطہ پڑتا ہے تو اندازہ ہوتا ہے۔ اعتماد کا جو قتل انہوں نے کیا وہ تو سب پر بھاری ہے۔ یہ وہ معاشرہ ہے دکاندار اپنی دکان پر تختی بڑی ڈھٹائی سے یہ لٹکاتے ہیں کہ خریدا ہوا مال واپس یا تبدیل نہیں ہو گا۔ اب اس سے بے اعتباری نہ پھیلے تو اور کیا ہو۔ دنیا میں ایسا کہیں نہیں ہوتا، کیونکہ خریداری کوئی جواء تو ہے نہیں کہ ایک بار کھیلا پھر جو نتیجہ نکلا وہ بھگتنا پڑے گا مگر یہاں اسے عملاً اور اعلانیہ نافذ کیا جاتا ہے۔ کبھی آپ مرغی یا بکرے کا گوشت لینے گئے ہیں، آپ کو کتنا چوکس رہنا پڑتا ہے؟ ذرا سی نظر ہٹی نہیں اور وہ گوشت میں چھیچھڑے شامل کر دے گا یا پھر گوشت کی جگہ ہڈیاں ڈال کے وزن پورا کرے گا۔ دھوکے باز سجنا کا تو سنا تھا اب دھوکے باز معاشرے کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ بلاشبہ اچھے لوگ بھی موجود ہیں، مگر وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ خالص دودھ کی جس دکان پر جائیں وہ دعوے پر دعویٰ کرے گا لیکن یہ نہیں بتائے گا کہ روزانہ منوں کے حساب سے دودھ اُس کے پاس آتا کہاں سے ہے۔

اب آپ اس بے اعتباری کی دوسری صورتوں کی طرف آئیں۔ یہ ملک کے سرکاری محکموں کو ہی لے لیں۔ اُن پر عوام کو اعتبار کتنا ہے؟ لوگ دادرسی کیلئے تھانے نہیں جاتے کہ انہیں پولیس پر اعتبار ہی نہیں۔ سب سے پہلا خیال ہی یہ آتا ہے کہ وہاں رشوت دینا پڑے گی یا سفارش کرانا ہو گی وگرنہ کوئی نہیں سنے گا۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ خدشہ دامن گیر رہتا ہے کہیں وہاں بٹھا ہی نہ لیں اور لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ 78 برسوں میں ہمارے ہاں پولیس کی یہ بے اعتباری ہی ختم نہیں ہو سکی بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔ دنیا میں پولیس اسٹیشن کو لوگ انصاف کی جگہ سمجھتے ہیں یہاں پولیس اسٹیشن کے نام پر ہی خوف آتا ہے۔ تھانہ کلچر بدلنے کے دعوے کرنے والے کبھی اس بے اعتباری کو ختم کرنے کے بارے میں بھی سوچیں، مگر شاید پولیس اسے ختم نہیں کرنا چاہتی کیونکہ اسی بے اعتباری کی وجہ سے تو اُس کی چودھراہٹ قائم ہے۔ عثمان ستار ایک نوجوان ٹیکس کنسلٹنٹ ہیں، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ ایف بی آر اور ٹیکس دہندگان میں بے اعتباری کا اتنا زیادہ فاصلہ ہے، کہ لوگ گھبرائے گھبرائے پھرتے ہیں۔ ایک محکمہ جب ٹیکس کی بجائے اپنے افسروں اور اہلکاروں کے لئے بھتہ مانگنے والے گروہ کی شکل اختیار کر لے تو اعتبار کہاں رہتا ہے۔ لوگ اگر ایمانداری سے ٹیکس دینا چاہیں بھی تو ایف بی آر والے ان پر اعتبار نہیں کرتے، اصل میں یہ ایک تکنیک ہے جو ٹیکس گزاروں کو مجبور کرتی ہے کہ وہ سیدھا راستہ اختیار کرنے کی بجائے چور دروازے کی طرف آئیں۔ ایک صنعتکار دوست نے بتایا اگر ایف بی آر اور ٹیکس گزاروں میں بے اعتباری ختم ہو جائے تو کئی گنا زیادہ ٹیکس خزانے میں جمع ہو سکتا ہے مگر محکمہ یہ بے اعتباری ختم ہی نہیں کرنا چاہتا۔ وہ خوف کی فضاء رکھنا چاہتا ہے تاکہ خزانہ بھرے نہ بھرے کار پردازان کی جیبیں ضرور بھرتی رہیں۔

اب یہ بھی تو ایک بے اعتباری ہے کہ رشتوں کا اعتبار بھی اُٹھ گیا ہے۔ یہاں بھی قدم قدم پر دھوکہ ملنے کا خدشہ رہتا ہے۔ رشتہ کرتے وقت بھی ایک جواء ہوتا ہے، اچھا ہو گیا تو ٹھیک، غلط نکل آئے تو عمر بھر کا پچھتاوا۔ ایک دوست نے مجھے اپنی بیٹی کے رشتے کی کہانی سنائی، میں دنگ رہ گیا کہ لوگ اسے دھوکے بازی سے کیا حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بیگم صاحبہ کی ایک جاننے والی نے ایک رشتے کا بتایا کہ لڑکا دبئی میں انجینئر ہے اور اچھی سیلری ہے۔ وہاں اپنا فلیٹ بھی ہے۔ وہ لاہور کے رشتے کے لئے آئے تھے اور انہوں نے کیولری گراؤنڈ کے قریب اپنی رہائش گاہ کا بتایا تھا۔ وہ بتاتے ہیں کہ ہم کافی حد تک رشتے کے لئے تیار ہو چکے تھے۔ مجھے خیال آیا ان کے بارے میں کچھ جاننا تو چاہئے۔ اتفاق سے میرے ایک دوست کیولری گراؤنڈ کے قریب ہی رہتے ہیں۔ اُنہیں کہا کہ پتہ کریں۔ اُس نے بتایا صرف دو ہفتے پہلے انہوں نے یہاں ایک کوٹھی کرائے پر لی ہے۔ پیچھے گوجرانوالہ کے رہنے والے ہیں لڑکے کا بتایا کہ وہ کچھ نہیں کرتا، آوارہ پھرتا ہے اور دبئی بھی کبھی نہیں گیا، جونہی مجھے معلوم ہوا میرے منہ سے شکر الحمد للہ نکلا کہ خدا نے دھوکے بازوں سے بچا لیا۔ تو صاحبو! کس کس بات کا ذکر کیا جائے، ہر طرف بے اعتباری کا طوفان ہے اور اسی طوفان میں ہم جی رہے ہیں۔ کیا ایسے ماحول میں ایک صحتمند اور پُرامن معاشرہ پروان چڑھ سکتا ہے؟

جب تاریخ عقیدہ بن جائے

صاحبزادہ محمد امانت رسول

برصغیر کی مذہبی فضا کا ایک عجیب المیہ یہ ہے کہ یہاں سب سے زیادہ تلخی اُن سوالات پر پیدا ہوئی جن کا تعلق نہ ایمان کے ارکان سے تھا اور نہ عبادات کے فرائض سے، بلکہ ماضی کے اُن واقعات سے تھا جو صدیوں پہلے رونما ہوئے اور جن کی تعبیر میں اختلاف کی گنجائش ہمیشہ موجود رہی۔ مشاجراتِ صحابہ ہوں، کسی خلیفہ یا حکمران کا کردار ہو، یا کسی بزرگ کی سوانح کا کوئی گوشہ۔

یہ مباحث بار بار منبر سے اُتر کر گلی کوچوں میں آئے، اور گلی کوچوں سے فتووں، مقدموں اور بعض اوقات خون ریزی تک جا پہنچے۔

سوال یہ ہے کہ تاریخ، جو بنیادی طور پر تحقیق اور غور وفکر کا میدان ہے، ہمارے ہاں میدانِ جنگ کیوں بن گئی؟ غور کیا جائے تو اس کے تین بنیادی اسباب سامنے آتے ہیں۔

تاریخ ایک مستقل علم ہے

ہماری علمی روایت میں ایسے جلیل القدر اہلِ علم کی کمی نہیں جنہوں نے قرآن کی تفسیر، حدیث کی شرح اور فقہ کی تدوین میں اپنی عمریں کھپا دیں۔ ان کا احترام ہم پر واجب ہے۔ مگر یہ حقیقت بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ تاریخ ایک الگ اور مستقل علم ہے، جس کے اپنے ماخذ، اپنے پیمانے اور اپنے تقاضے ہیں۔

محدث سند کو پرکھتا ہے، فقیہ حکم استنباط کرتا ہے، مگر مؤرخ کا سوال کچھ اور ہوتا ہے: یہ واقعہ کیوں، کیسے اور کن حالات میں پیش آیا؟ اس کا راوی کس دور کا تھا، اس کی سیاسی اور گروہی وابستگی کیا تھی، اور اس کے بیان پر اس کے عہد کا کتنا سایہ ہے؟

امام طبری جیسے مؤرخ نے اپنی تاریخ کے آغاز ہی میں واضح کر دیا تھا کہ وہ جو کچھ نقل کر رہے ہیں وہ راویوں سے پہنچا ہے، اور اس کی ذمہ داری انہی پر ہے۔ ابن خلدون نے تو اپنے مقدمے میں باقاعدہ شکوہ کیا کہ مورخین نے روایات کو عقل، عمرانی اصولوں اور حالات کی کسوٹی پر پرکھے بغیر قبول کر لیا۔

جب تاریخ کو اس فہم کے بغیر محض مذہبی زاویے سے پڑھا گیا تو ہر روایت یا تو مقدس ٹھہری یا مردود، اختلاف نے جنم لیا، اور چونکہ اسے دینی رنگ دے دیا گیا تھا، اس لیے وہ رائے کا اختلاف نہ رہا بلکہ حق و باطل کا معرکہ بن گیا۔ یہیں سے اختلاف نے فساد کا راستہ پکڑا۔

چوک اور چوراہے کی زبان۔ جن نازک علمی مباحث کے لیے درس گاہ کی سنجیدگی، تحقیقی مجلس کا ٹھہراؤ اور قلم کی احتیاط درکار تھی، انہیں جلسوں کے اسٹیج، اشتہاروں، پمفلٹوں اور اب سوشل میڈیا کے مختصر کلپس کی زبان میں بیان کیا گیا۔ وہاں مقصد مسئلہ سمجھانا نہیں، مجمع جیتنا تھا۔

نتیجہ یہ نکلا کہ دلیل کی جگہ طنز نے لے لی، تحقیق کی جگہ للکارنے، اور شائستگی کی جگہ پھبتی نے۔ مخالف کی بات سمجھنے کے بجائے اس کا مذاق اڑانا کامیابی کی علامت بن گیا۔

قرآن نے تو اختلاف میں بھی حکمت، موعظ حسنہ اور ''بہترین انداز'' میں گفتگو کا حکم دیا تھا (النحل: 125)۔ مگر ہم نے وہ لہجہ اختیار کیا جس نے گتھیاں سلجھانے کے بجائے انہیں اور الجھا دیا۔ جو بات کتاب کے حاشیے میں ایک علمی نکتہ تھی، وہ چوراہے پر پہنچ کر غیرت اور انا کا سوال بن گئی۔

جب تاریخی رائے عقیدہ بن جائے تو شخصیات سے محبت ہماری تہذیب کا حسن ہے اور بعض شخصیات سے محبت تو ایمان کا تقاضا ہے۔ مگر جب عقیدت تنقیدی شعور پر غالب آ جائے، اور مسلکی وابستگی سوچنے کی آزادی چھین لے، تو ایک خطرناک تبدیلی رونما ہوتی ہے: تاریخی رائے عقیدے کا درجہ اختیار کر لیتی ہے۔

ہماری علمی روایت نے قطعی اور ظنی میں واضح فرق رکھا تھا۔ عقیدہ قطعی دلائل پر قائم ہوتا ہے، جبکہ تاریخی روایات کی اکثریت ظنی ہے، جن میں صحت وضعف کے درجے ہیں اور تعبیر کی کئی صورتیں۔ جب یہ فرق مٹ جائے تو کسی واقع کی مختلف تعبیر کرنے والا محض ''اختلاف کرنے والا'' نہیں رہتا، بلکہ ''گستاخ''، ''منکر'' اور ''دائرے اسلام سے خارج'' قرار پاتا ہے۔ یوں ایک علمی سوال وفاداری کا امتحان بن جاتا ہے۔ اب یہ نہیں پوچھا جاتا کہ دلیل کیا ہے، بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ کہنے والا کس کیمپ کا ہے۔

ان تینوں اسباب کا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے۔ کل تک بریلوی، دیوبندی، اہلِ حدیث اور اہلِ تشیع ایک دوسرے سے الجھتے تھے؛ آج ہر مسلک خود اپنے اندر فرقہ واریت کا شکار ہے۔

یہ کوئی اتفاق نہیں۔ جب سوچنے کا طریقہ وہی رہے۔ تاریخ کو عقیدہ بنانا، زبان کو ہتھیار بنانا اور شخصیت کو کسوٹی بنانا تو باہر کے مخالف کم پڑنے پر یہی ہتھیار اندر کی طرف مڑ جاتے ہیں۔ اب ایک ہی مسلک کے لوگ ایک دوسرے پر وہی فتوے لگا رہے ہیں جو کبھی دوسروں کے لیے مخصوص تھے، اور ہر ذیلی گروہ نے اپنی ''تاریخی سچائیاں'' وفاداری کی شرط بنا رکھی ہیں، جو آگ ہم نے دوسروں کے گھر جلانے کے لیے سلگائی تھی، وہ اب ہمارے اپنے آنگن تک آ پہنچی ہے۔

اگر مرض کی تشخیص درست ہے تو علاج بھی انہی تین نکات میں پوشیدہ ہے۔ اوّل، تاریخ کو تاریخ کے اصولوں پر پڑھا جائے۔ دینی مدارس کے نصاب میں فنِ تاریخ اور تنقیدِ روایت کو باقاعدہ جگہ ملے، اور تاریخی سوالات پر رائے دیتے وقت تاریخ کے ماہرین کی بات بھی سنی جائے۔ دوم، علمی مباحث کو ان کے اصل مقام پر لوٹایا جائے۔ نازک سوالات تحقیقی مجالس، علمی جرائد اور سنجیدہ مکالمے کا موضوع ہیں، جلسوں اور سوشل میڈیا کی نعرے بازی کا نہیں۔ اختلاف ہو تو لہجہ وہ ہو جو دل جیتے، زخم نہ لگائے۔ سوم، عقیدے اور تاریخی رائے کے درمیان وہ لکیر پھر سے کھینچی جائے جو ہمارے اسلاف نے کھینچ رکھی تھی۔ کسی تاریخی واقعے کی مختلف تعبیر کو اجتہادی اختلاف سمجھا جائے، کفر وایمان کا مسئلہ نہیں۔

تاریخ ہمیں سبق دینے کے لیے ہے، لڑانے کے لیے نہیں۔ اسے ماضی کا آئینہ رہنے دیجیے، حال کی تلوار نہ بنائیے۔ ورنہ ہم ماضی کی جنگیں لڑتے لڑتے اپنا مستقبل ہار بیٹھیں گے۔

بقیہ جات

بقیہ 1

کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم ان بہادر لوگوں کی جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے وطن کو ڈوگرہ راج سے آزاد کرایا اور پاکستان سے وابستہ ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھی۔ یکم نومبر کو گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ میں گلگت بلتستان کے عوام، خاص طور پر نوجوان نسل، لڑکیوں اور خواتین کو اپنے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں، اس جدوجہد کی میراث آج گلگت بلتستان میں پروان چڑھنے والی نسلیں ہیں۔ ہمیں اس کا احترام اس طرح کرنا چاہیے کہ ہر بچے کو تعلیم میسر ہو

بقیہ 2

بنیادی وجہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کی روک تھام میں ناکامی ہے۔ سرکاری ریڈیو پاکستان کے مطابق وزارت اطلاعات نے واضح کیا کہ پاکستان کیلئے دہشت گردی ایک سرخ لکیر ہے اور اپنے شہریوں کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے 31 اکتوبر کو حریت ریڈیو کو دیے گئے انٹرویو میں الزام عائد کیا تھا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ جاری کشیدگی مذاکرات کے ذریعے ختم کرنے کیلئے تیار نہیں، کابل نے تنازع کے حل کیلئے متعدد مرتبہ سفارتی کوششیں کیں اور مختلف ممالک کی ثالثی سے دونوں حکومتوں کے درمیان پیغامات کا تبادلہ بھی جاری رہا، لیکن ان کوششوں کا کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ ذبیح اللہ مجاہد نے دعوی کیا کہ پاکستان کی غلط پالیسیاں تنازع کے حل میں رکاوٹ ہیں اور اسلام آباد اختلافات کے پرامن حل کیلئے مطلوبہ آمادگی نہیں دکھا رہا، افغان ترجمان نے حالیہ سرحدی جھڑپوں کے حوالے سے بھی دعوی کیا کہ طالبان نے کشیدگی شروع نہیں کی اور ان کی کارروائیاں دفاعی نوعیت کی تھیں۔ پاکستان کی وزارتِ اطلاعات نے افغان ترجمان کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ طالبان قیادت اسلام آباد کی پالیسیوں پر تنقید تو کرتی ہے، لیکن افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کے بنیادی مسئلے کو حل کرنے کیلئے مؤثر اقدامات نہیں کررہی۔ وزارت کے مطابق طالبان حکومت کی جانب سے دہشت گردی کے مسئلے سے مسلسل پہلوتہی دونوں ممالک کے تعلقات معمول پر آنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، الزام تراشی، غیر مؤثر یقین دہانیاں اور پاکستان کی پالیسیوں پر سوال اٹھانے سے نہ تو بحران ختم ہوگا اور نہ ہی کابل اپنی ذمہ داریوں سے بری ہوسکے گا۔ وزارتِ اطلاعات نے خبردار کیا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کے پار موجود ایسے دہشت گرد ٹھکانوں کو برداشت نہیں کرے گا جو اس کی قومی سلامتی کیلئے خطرہ بن رہے ہیں، پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنی قومی سلامتی کو لاحق خطرات کے خاتمے کیلئے تمام ضروری اقدامات کا حق محفوظ رکھتا ہے، خواہ ان خطرات کا منبع کہیں بھی ہو۔ وزارت نے کہا کہ افغان طالبان کو یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ افغانستان سے پیدا ہونے والے سیکورٹی خطرات سے نمٹنے کی بنیادی ذمہ داری کابل حکومت پر عائد ہوتی ہے، پاکستان نے واضح کیا کہ اپنے شہریوں کے تحفظ کے عزم کو کسی صورت کمزوری نہ سمجھا جائے۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان سمیت بعض مسلح تنظیمیں افغان سرزمین استعمال کرکے پاکستانی شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کرتی ہیں، اسلام آباد متعدد مرتبہ افغان طالبان سے مطالبہ کرچکا ہے کہ وہ ان تنظیموں کے ٹھکانوں اور سرگرمیوں کے خلاف قابل تصدیق کارروائی کریں۔ دوسری جانب افغان طالبان کی حکومت ان الزامات کی تردید کرتی ہے اور اس کا مؤقف ہے کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی، دونوں ممالک کے درمیان قطر، ترکیہ اور چین کی معاونت سے ہونے والی سفارتی کوششوں کے باوجود بنیادی سیکورٹی اختلافات برقرار ہیں۔ اسی دوران امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے 31 اکتوبر کو اٹلانٹا میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ واشنگٹن پاکستان کے ان خدشات سے آگاہ ہے جو افغانستان کی سرزمین سے ہونے والے دہشت گرد حملوں سے متعلق ہیں، امریکہ پاکستان کو دہشت گردی کا نشانہ بنتے نہیں دیکھنا چاہتا اور اگر واشنگٹن کیلئے کوئی تعمیری کردار ممکن ہوا تو وہ اسے ادا کرنے کیلئے تیار ہوگا، امریکہ دہشت گردی کی مخالفت کرتا ہے، خواہ وہ کہیں سے بھی ہو اور اس کا نشانہ کوئی بھی ہو۔ پاکستان اور افغان طالبان کے درمیان حالیہ بیانات کے تبادلے سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان بنیادی اختلاف اب بھی دہشت گردی کی روک تھام اور سرحد پار سیکورٹی سے متعلق ہے، جبکہ کسی نئے مذاکراتی معاہدے یا پیش رفت کا اعلان سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 3

سامنے آنے چاہئیں۔ وزیر خزانہ نے عالمی مالیاتی اداروں میں ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی بڑھانے اور تمام ممالک کو فیصلہ سازی میں مناسب حصہ دینے پر زور دیا، ترقی پذیر ممالک کو سستی اور بروقت مالی معاونت فراہم کی جائے، قرضوں کے مسائل کا پائیدار حل نکالا جائے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا پاکستان جی 24 کی سربراہی میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے ساتھ مل کر کام کریگا، ترقی پذیر ممالک میں سرکاری اور نجی سرمایہ کاری بڑھانے کیساتھ معاشی اصلاحات اور پائیدار ترقی کے لئے مالی وسائل کی فراہمی بھی ترجیحات میں شامل ہوگی۔ انکا کہنا تھا کہ جی 24 کی کامیابی کا اصل پیمانہ ترقی پذیر ممالک کے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے، پاکستان ترقی پذیر ممالک کی اجتماعی آواز کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف کی پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کرتے ہوئے اسے اہم سفارتی سنگِ میل قرار دیا ہے جو عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے مؤثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارتِ خزانہ کی پوری ٹیم کی انتھک محنت، مؤثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاسوں کے دوران پاکستان کے مؤثر کردار اور ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی قیادت میں پاکستان کو نمایاں مقام دلانے کے لئے وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ G-24 کی چیئرمین شپ پاکستان کو عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے منصفانہ مالی معاونت اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کیلئے پائیدار ترقی کے مواقع کے فروغ کے حوالے سے مؤثر کردار ادا کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔

بقیہ 4

عمر بھر کی معذوری سے دوچار کرسکتی ہے۔ عائشہ رضا فاروق کا کہنا ہے کہ اگرچہ پولیو ایک لاعلاج بیماری ہے، تاہم ویکسین کے ذریعے بچوں کو اس سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آج 2 تا 8 نومبر تک ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم چلائی جائے گی، انسدادِ پولیو کی ذیلی قومی مہم کے دوران تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ عائشہ رضا فاروق کا کہنا ہے کہ والدین انسدادِ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں، اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، بچوں کو پولیو سے مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لئے ہرانسدادِ پولیو مہم میں ویکسینیشن ضروری ہے، رواں سال ملک میں پولیو کے 7 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جن میں سے زیادہ تر کیسز خیبر پختونخوا میں سامنے آئے ہیں، پولیو وائرس کے مکمل خاتمے تک ہماری کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 5

تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے میں دفاعی تعاون، فوجی رابطوں، انٹیلی جنس اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے۔ اسعد الشیبانی نے کہا کہ شام خطے کی سلامتی کا ایک اہم حصہ ہے اور دمشق ایسے کسی بھی علاقائی فریم ورک کی حمایت کرے گا جو علاقائی استحکام اور مشترکہ دفاع کو مضبوط بنائے۔ ان کا کہنا تھا کہ مشرق وسطی کو اس وقت مشترکہ دفاعی اور بازدار قوت کے نظام کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔

بقیہ 6

میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ سندھ کے 20 اضلاع میں 68 لاکھ 83 ہزار بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے 27 اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ بلوچستان کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 اضلاع اور آزاد کشمیر کے 2 اضلاع میں بھی انسدادِ پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 7

ست، آئین کی بالادستی اور جمہوری پارلیمانی روایات پر یقین رکھتی ہے، پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور مضبوط اور مستحکم ریاست ہے، پاکستان پیپلز پارٹی کو سرزمین بے آئین کو آئین دینے کا اعزاز حاصل ہے۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری بیان میں سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی میں اپوزیشن کی نمائندگی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے صرف 17 نشستوں کے ساتھ مؤثر اپوزیشن کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی کمیٹیاں قانون سازی اور پارلیمانی جمہوریت کا لازمی جزو ہیں، پارلیمان میں نمائندگی برابر نہیں تو کمیٹیوں میں برابری کیسے ممکن ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی کمیٹیوں میں برابر نمائندگی کا مطالبہ قانون کے مطابق نہیں۔ نیر بخاری نے کہا کہ پیپلز پارٹی چاہتی ہے اپوزیشن پارلیمانی کمیٹیوں میں واپس آئے اور اپنا کردار ادا کرے۔ اڑھائی سال گزرنے کے باوجود انتخابی قوانین میں اصلاحات کے لیے کوئی قانون سازی نہیں ہوئی، انتخابی قوانین میں اصلاحات اور سزا و جزا کے قوانین پر سختی سے عمل درآمد ضروری ہے، انتخابی اصلاحات سے انتخابات کے بعد الزامات اور تنازعات کی گنجائش کم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کی شمولیت قانون سازی کے عمل کو مزید تقویت دے گی۔ نیر بخاری نے مزید کہا کہ میں نہ مانوں کی روش ترک کرکے پارلیمان میں ذمہ دارانہ کردار ادا کیا جائے، اپوزیشن لیڈر چیف الیکشن کمشنر اور دو اراکان کی تقرری کے لیے وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ہاؤس اور وزیراعظم و اپوزیشن لیڈر کے چیمبرز کسی کی ذاتی ملکیت نہیں، وزیراعظم ہاؤس اور پارلیمانی چیمبرز ریاست کے دفاتر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گالم گلوچ اور دشنام طرازی پارلیمانی سیاست کے لیے نقصان دہ ہیں۔

بقیہ 8

رہے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کہنا تھا کہ افغانستان اب بھی غیر ریاستی عناصر کے زیر اثر ہے اور وہاں ایک رجیم قائم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد متعدد انٹیلی جنس ایجنسیوں اور پراکسی گروپس نے اپنی جڑیں مضبوط کرلیں، جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں بھی افغانستان میں موجود ہیں، ان حقائق کی نشاندہی اقوام متحدہ، امریکا اور کئی دیگر ممالک بھی کرچکے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت بند کریں، افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے لیے دہشت گردوں کی تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور انہیں وہیں سے اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ اگر افغان طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے تحفظات اور مطالبات تسلیم نہ کیے تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں، بین الاقوامی برادری کو اسے ایک معمول کی ریاست کی طرح رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرنا چاہیے۔ ترجمان پاک فوج نے عالمی برادری پر زور دیا کہ افغان طالبان کو منشیات کی کاشت اور پیداوار روکنے کے لیے بھی مجبور کیا جائے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے واضح کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج افغانستان کی جانب سے پیدا ہونے والے تمام خطرات، بشمول ڈرون حملوں، کا مؤثر مقابلہ کرنے اور ان کا سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ 9

کے تحفظ کو ترجیح دی، پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کرکے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے، اور آبنائے ہرمز کے بحران کا دیگر ممالک کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پٹرول فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی صورتحال نے سب کو متاثر کیا ہے۔ مختلف ممالک کو اپنی معیشتیں چلانے کے لیے مہنگے تیل، گیس، ایل پی جی اور دیگر ایندھن کی خریداری کے لیے قیمتی زر مبادلہ کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ عوام کو بھی اپنے خاندانوں کے حوالے سے مشکل فیصلے کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا بحران اپنی شدت اور وسعت کے اعتبار سے غیر معمولی رہا ہے اور اس کے مسلسل جاری رہنے سے مختلف ممالک کی استعداد آزمائش سے گزری ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ الحمدللہ پاکستان نے وہ معاشی استحکام برقرار رکھا ہے جس کے حصول کے لیے سب نے محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایندھن کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار میں شفافیت لائی گئی ہے اور تمام تفصیلات عوام کے سامنے رکھی جارہی ہیں تاکہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں بہتری آنے پر اس کا فائدہ خود بخود عوام کے گھروں تک پہنچ سکے۔

بقیہ 10

رکاوٹ برقرار رہی تو قیمت ایک ہزار سے 1200 روپے فی کلو تک پہنچ سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں سردی کے موسم اور قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی کی طلب میں اضافہ ہوچکا ہے، تاہم قیمتوں میں حالیہ اضافے نے شہریوں کے لیے متبادل ایندھن کا استعمال بھی مشکل بنا دیا ہے۔ گھریلو صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی یا کم پریشر کے باعث انہیں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی خریدنا پڑتی ہے، لیکن مسلسل بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آرہے ہیں۔ ایل پی جی گیس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی اور سرحدی راستوں سے سپلائی معمول پر نہ آئی تو آنے والے دنوں میں فی کلو قیمت ایک ہزار سے بڑھ کر 1200 روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اس صورت میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں بھی مزید اضافہ ہوگا، جس سے صارفین کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 12 کلوگرام کا سلنڈر 7 ہزار 800 روپے میں خریدنا عام خاندان کے لیے بڑا مالی بوجھ ہے۔ دوسری جانب رکشہ اور دیگر گاڑیوں میں ایل پی جی استعمال کرنے والے ڈرائیوروں کے مطابق گیس مہنگی ہونے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جبکہ قیمت میں مزید اضافے کی صورت میں موجودہ کرایوں پر گاڑیاں چلانا مشکل ہوجائے گا۔ ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور تندوروں سے وابستہ افراد نے بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس ان کے کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کھانا پکانے کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جس کے اثرات تیار کھانوں اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ شہریوں اور ڈیلرز نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران بارڈر سے متعلق تجارتی اور سپلائی کے معاملات جلد حل کیے جائیں، ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مصنوعی قلت اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ ڈیلرز کے مطابق سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہنے کی صورت میں قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں، جس سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع کے صارفین بھی متاثر ہوں گے۔

بقیہ 11

کہا کہ ضروری درآمدی اشیاء کی بروقت ہینڈلنگ زرعی پیداوار کے فروغ اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے۔ وزارت بحری امور کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ کے پی ٹی کے مطابق دونوں بحری جہاز ایم وی ژونگ چانگ 538 اور ایم وی گوگو اایم کراچی گیٹ وے ٹرمینل ملٹی پرپز (کے جی ٹی ایم ایل) پر لنگر انداز ہوئے۔ ان میں سے ایک جہاز 50 ہزار ٹن ڈائی امونیم فاسفیٹ (ڈی اے پی) کھاد جبکہ دوسرا 51 ہزار ٹن گندم لے کر آیا ہے۔ آپریشنل اعداد وشمار کے مطابق ایم وی ژونگ چانگ 538 کو برتھ نمبر 10/11 پر لنگر انداز کیا گیا، جس سے 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد اتاری جارہی ہے۔ اب تک 48 ہزار 525 ٹن کھاد اتاری جاچکی ہے، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5 ہزار 481 ٹن کھاد کی ہینڈلنگ کی گئی۔ دوسری جانب 51 ہزار ٹن گندم لے کر آنے والے جہاز ایم وی گوگو اایم کو برتھ نمبر 16/17 پر لنگر انداز کیا گیا۔ اس جہاز سے اب تک 7 ہزار 200 ٹن سے زائد گندم اتاری جاچکی ہے جبکہ ان لوڈنگ کا عمل جاری ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ دونوں جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کے پی ٹی کی آپریشنل صلاحیت، برتھوں کے مؤثر استعمال، کارگو ہینڈلنگ میں بہتری اور سپلائی چین کی کارکردگی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت بحری امور جہازوں کے بندرگاہ پر قیام کے دورانیے میں کمی، پورٹ مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور بحری بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کے لیے اصلاحات پر کام کر رہی ہے تاکہ بین الاقوامی تجارت کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ضروری اشیائے خورونوش اور زرعی مداخل کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اہم اشیاء کی بروقت ترسیل اور سپلائی چین کو مستحکم بنانے کے لیے بندرگاہوں کے مؤثر آپریشنز اور ترسیلی نظام کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے کہا کہ کراچی پورٹ ملک کی تجارت اور سپلائی چین کے نظام میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، بالخصوص زرعی ضروریات اور غذائی اجناس کی درآمد میں بندرگاہ کی اہمیت نمایاں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت کی ہدایات پر دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ کے پی ٹی بندرگاہ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے، آپریشنل استعداد بہتر کرنے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بڑھانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تجارتی سرگرمیوں اور ملکی معیشت کو مزید سہارا دیا جاسکے۔

بقیہ 12

کے خلاف دلیری اور پوری قوت سے مقابلہ کیا اور علاقے میں پاکستانی پرچم لہرایا، ایک سال کی جدوجہد کے بعد 14 اگست 1948 کو بلتستان کو بھی ہندوستان کے تسلط سے آزاد کرالیا گیا۔ جنگِ آزادی کے دوران گلگت بلتستان کے بہادر جوانوں نے دشمن کو شکست دی اور اپنی سرزمین کو بھارتی تسلط میں جانے سے روک دیا۔ جنگِ آزادی گلگت بلتستان کے دوران لڑی جانے والی جنگیں عالمی عسکری معرکوں میں بہادری کی روشن داستانیں سمجھی جاتی ہیں، آزادی کے بعد بھی گلگت بلتستان کے عوام نے پاک بھارت جنگوں میں جوانمردی کے ساتھ ناقابل فراموش کارنامے انجام دیے۔ دریں اثنا پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یوم آزادی گلگت بلتستان کی مناسبت سے خصوصی ملی نغمہ شان پاکستان، گلگت بلتستان ریلیز کر دیا۔ گلگت بلتستان کے نامور شاعر ذیشان مہدی کا خوبصورت کلام، گلوکار جے جے علی شینا کی پراثر آواز میں پیش کیا گیا ملی نغمہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے عقیدت، قومی تشخص اور گہری دلی وابستگی کا عکاس ہے جس میں گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہد اور پاکستان سے جڑے فخر و اعزاز کے جذبات اجاگر کیے گئے ہیں۔

بقیہ 13

جمہوری حکومتوں کی جانب سے گلگت بلتستان میں متعارف کرائی جانے والی اہم اصلاحات کو سراہتے ہوئے بالخصوص شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بےنظیر بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں 2009 میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے دور میں کیے گئے بااختیار بنانے کے اقدامات کو اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان پاکستان کے لیے تزویراتی، ثقافتی اور معاشی لحاظ سے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ خطے کی پائیدار ترقی کے لیے بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع میں بہتری ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی مجموعی ترقی سے جڑی ہوئی ہے اور امید ظاہر کی کہ اس خطے کے عوام ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 14

صوبہ الجوف کے مختلف محاذوں پر کئی اہم مقامات اور سٹریٹجک پوزیشنز کا کنٹرول حاصل کرلیا گیا، آپریشن کے تحت 24 گھنٹوں میں 427 حوثی جنگجو ہلاک کیے گئے جبکہ 142 فوجی گاڑیاں، جنگی سازوسامان اور نقل وحمل کے ذرائع بھی تباہ کیے گئے۔ یمنی فوج نے مجموعی طور پر آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثیوں کے خلاف ایک ہزار 119 کارروائیاں کرنے کا دعوی کیا ہے۔ دریں اثنا یمنی وزیر خارجہ ڈاکٹر افرا الزوبہ نے کہا ہے کہ حوثی ملیشیا داعش اور القاعدہ سے بھی زیادہ خطرناک ہے، حوثی ملیشیا علاقائی اور عالمی امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ العربیہ کو انٹرویو میں یمنی وزیر خارجہ نے کہا کہ حوثی ملیشیا مصنوعی ذہانت کا استعمال کرکے میزائل اور ڈرونز تیار کررہی ہے، حوثی ملیشیا دہشت گرد گروہوں کیساتھ تعاون بھی کررہی ہے۔ ڈاکٹر افرا کا کہنا تھا کہ حوثی ملیشیا کی کارروائیاں عالمی معیشت اور بین الاقوامی امن وسلامتی کو متاثر کررہی ہیں، حوثیوں کا خطرہ اب یمن تک محدود نہیں، علاقائی اور عالمی نوعیت اختیار کرچکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حوثی خطرے سے نمٹنے کیلئے یمنی حکومت نے امریکا اور یورپی یونین سے بات چیت کی ہے، اس کے علاوہ یمنی حکومت کے علاقائی شراکت داروں سے بھی رابطے ہے۔ ڈاکٹر افرا نے حوثی ملیشیا پر الزام عائد کیا کہ اس نے امن مذاکرات کے مختلف ادوار کو اپنے ہتھیاروں کے ذخیرے میں اضافے اور فوجی صلاحیت مضبوط بنانے کے لیے استعمال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یمنی حکومت اور عالمی برادری طویل عرصے تک اس امید پر مذاکرات کرتی رہی کہ پرامن تصفیہ ممکن ہے، تاہم حوثی ملیشیا نے ان کوششوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے ہتھیاروں اور فوجی صلاحیت میں اضافہ کیا۔ یمنی وزیر خارجہ نے کہا کہ حوثی ملیشیا کی عسکری صلاحیتیں بڑھیں تو مستقبل میں نمٹنے کی قیمت زیادہ ہوگی، امن مذاکرات سے قبل حوثی ملیشیا کو ہتھیار ریاست کے حوالے کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعز میں حوثی ملیشیا کی جانب سے مبینہ زہریلی گیس کے حملے کیے گئے، حملوں کے بعد بعض افراد میں کیمیائی اثرات کی علامات رپورٹ ہوئیں۔ دوسری جانب امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کے مطابق، 10 اکتوبر سے 27 اکتوبر کے درمیان ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی تقریبا 94 فیصد پروازیں حوثیوں کے حملوں کے بعد منسوخ کر دی گئیں۔ سب سے مہلک حملہ 10 اکتوبر کو ہوا، جس میں 12 سے زائد افراد ہلاک ہوئے اور حکام کو ہوائی اڈے کے آپریشنز معطل کرنا پڑے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں کے حملوں نے ایران جنگ کے بعد خطے کی ہوابازی کی صنعت میں خلل کو مزید بڑھا دیا ہے۔ فلائٹ ریڈار کے ہوائی ٹریفک کے اعداد وشمار سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ مشرقی سعودی شہر دمام میں کنگ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر مسلسل ہوائی ٹریفک میں خلل پڑتا ہے۔

بقیہ 15

میں موساد کے شعبہ عالمی آپریشنز کے سابق نائب سربراہ عوڈید ایلام نے انکشاف کیا ہے کہ تل ابیب کے پاس ایسے خفیہ کارڈز اور حکمت عملی موجود ہے جو تہران کی حکومت کو مکمل طور پر گرا سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور پارلیمان کے اسپیکر کے پاس فیصلہ سازی کا کوئی حقیقی اختیار نہیں ہے، بلکہ اصل اقتدار چار رکنی عسکری قیادت کے پاس ہے جن میں پاسداران انقلاب کے کمانڈر احمد وحیدی، بسیج فورس کے کمانڈر حسین طائب، ایرانی چیف آف اسٹاف علی عبداللہی اور سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی شامل ہیں۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق، ان رہنماؤں پر ماضی میں سنگین الزامات عائد کیے جا چکے ہیں اور مبصرین کا ماننا ہے کہ یہی افراد ایرانی سیاسی قیادت کی واشنگٹن کے ساتھ کسی بھی قسم کی ڈیل یا سمجھوتے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ رہے ہیں۔ دوسری جانب امریکی فوجی حلقوں اور قانون سازوں کی جانب سے بھی اس ممکنہ تصادم کے حوالے سے سخت تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ڈیموکریٹ سینیٹر کریس مرفی نے خبردار کیا ہے کہ واشنگٹن میں تیار کردہ جنگی منصوبے انتہائی تباہ کن ہیں اور ان کے نفاذ سے شہری بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، جبکہ ریپبلکن سینیٹر راجر مارشل نے پیش گوئی کی ہے کہ انتخابات کے فوراً بعد حالات انتہائی خطرناک موڑ لے سکتے ہیں اور کسی کو بھی ایران کے قریب نہیں ہونا چاہیے۔ ادھر ریٹائرڈ امریکی جنرل جیک کین کا کہنا ہے کہ آئندہ ممکنہ کارروائیوں میں محض عسکری قیادت ہی نہیں بلکہ ایران کے جوہری پروگرام، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور ڈرون ومیزائل تنصیبات کو بھی مکمل طور پر نشانہ بنایا جانا چاہیے۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق، دفاعی تجزیہ کاروں اور سابق عسکری حکام کا کہنا ہے کہ اگر امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کوئی بھی نیا فوجی حملہ کیا گیا تو تہران کی طرف سے انتہائی شدید جوابی کارروائی کی جائے گی۔ سابق اسرائیلی میجر جنرل یعقوب عامیدرور نے اس امر پر زور دیا ہے کہ اگر ایران نے جوابی کارروائی کے دوران خلیجی ممالک میں توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنایا تو اسرائیل کو ایران کا پورا توانائی کا انفراسٹرکچر تباہ کرنے کا قانونی جواز مل جائے گا، جس سے ملک کئی دہائیوں پیچھے چلا جائے گا۔ ادھر خطے میں کشیدگی کے اس ماحول میں امریکی اور اتحادی افواج اپنی جنگی تیاریاں مکمل کرچکی ہیں، جبکہ یو ایس ایس تھیوڈور روزویلٹ نامی طیارہ بردار جہاز بھی جارج واشنگٹن اور جارج ڈبلیو بش کے ٹاسک فورسز کے ساتھ شامل ہونے کے لیے تیزی سے مشرق وسطی کی طرف بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 16

اپنے حلف کے پابند ہیں شاہراہوں کی تعمیر و توسیع پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے جن کی تکمیل عوام کو سفری سہولیات میں آسانی ہوگی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ وہ عوام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں جس سے عوام استفادہ حاصل کرسکیں وفود نے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید ترقیاتی کاموں کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر مواصلات و تعمیرات نے عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 17

سے بھی خطرناک ایسے عالمی اثرات مرتب ہوں گے جو دنیا بھر میں محسوس کیے جائیں گے۔ ایرانی اہلکار کا کہنا تھا کہ ایران اگلی جنگ کے آغاز کے تمام مراحل کے دوران روایتی حملوں سے ہٹ کر سرپرائز دینے والی حکمت عملی کو ترجیح دے گا۔ یہ انتباہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی شدید تر ہوتی جا رہی ہے۔ اس سے قبل اکتوبر کے وسط میں ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے بھی خبردار کیا تھا کہ اگر جنگ دوبارہ شروع ہوتی ہے تو خطے میں موجود ڈیٹا سینٹرز، زیر سمندر کیبلز اور مصنوعی ذہانت کی تنصیبات ایرانی نشانہ بن سکتی ہیں۔

بقیہ 18

ایچ اے، این ایل سی اور تعمیراتی کمپنیوں کے حکام سے پیش رفت پر بریفنگ لی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ منصوبے پر مشینری اور افرادی قوت بڑھائی جائے، تعمیراتی کام جلد مکمل کیا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب منصوبے کے تمام فنڈز این ایچ اے نے خود فراہم کیے ہیں تو کسی صورت تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر کے مطابق فیصل آباد سے پنڈی بھٹیاں تک 53 کلومیٹر طویل موٹروے ایم 4 کو چار سے چھ لین میں توسیع دی جا رہی ہے۔ موٹروے کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ، کھجور کے پودے اور تزئین و آرائش کی جائے گی، جبکہ پورے روٹ پر مکمل لائٹنگ بھی نصب ہوگی۔ عبدالعلیم خان نے ایک ہفتے میں ریسٹ ایریاز کے ڈیزائن فائنل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے ایم 4 کو اسٹیٹ آف دی آرٹ شاہراہ بنانا چاہتے ہیں۔ فیصل آباد کے لیے 30 سال سے زیر التوا دیرینہ مطالبہ پورا کردیا ہے اور نئے سال کے آغاز پر عوام کو موٹروے کا تحفہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کے جوانوں کی شہادتیں ہوئیں، ایم 4 کی توسیع سے حادثات سے بچنے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے این ایچ اے اور موٹروے پولیس افسران کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ موٹروے ایم 4 کا توسیعی منصوبہ تین حصوں میں تقسیم ہے، جس پر این ایل سی اور دیگر ادارے کام کر رہے ہیں۔ دورے کے موقع پر چیئرمین این ایچ اے، این ایل سی اور تعمیراتی کمپنیوں کے سینئر حکام کے علاوہ سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود، سابق رکن قومی اسمبلی رانا نذیر احمد اور رکن صوبائی اسمبلی شعیب صدیقی بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

کے خلاف جرم ثابت ہونے پر فیصلہ سنا دیا ہے۔ معزز عدالت اینٹی کرپشن بلوچستان نے آج دونوں ملزمان کے خلاف ٹرائل مکمل ہونے پر جرم ثابت ہونے پر سزا سناتے ہوئے دونوں ملزمان کو مجرم قرار دے دیا ہے۔ سزا پانے والے مجرمان کے نام: 1۔ عبدالقدوس مینگل ولد میر آزاد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ نصیر آباد 2۔ عبدالمجید ولد مراد بخش، ٹھیکیدار معزز عدالت نے ہر مجرم کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 420 کے تحت 2 سال قید بامشقت اور 10,000 روپے جرمانہ، عدم ادائیگی پر مزید 2 ماہ قید *اور انسداد بدعنوانی ایکٹ 1947 کی دفعہ 5(2) کے تحت 7 سال قید بامشقت کی سزا سنائی ہے۔ فیصلے کے فوری بعد دونوں مجرمان کو عدالت کے حکم پر گرفتار کر کے ڈسٹرکٹ جیل کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں سے انہیں سینٹرل جیل مچھ منتقل کیا جائیگا۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نصیب اللہ کاکڑ نے اس کامیابی پر تفتیشی ٹیم کو سراہا اور کہا کہ کرپٹ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 20

اپنی منفرد ثقافت، شاندار روایات اور قدرتی حسن کے باعث پاکستان کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں گلگت بلتستان کے عوام نے پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اسے سب سے بڑی جماعت کے طور پر منتخب کیا، پیپلز پارٹی کی قیادت میں قائم اتحادی حکومت عوامی اعتماد کو خدمت، ترقی اور خوشحالی کے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو جمہوری، آئینی اور بنیادی حقوق کی فراہمی ناگزیر ہے، گلگت بلتستان کے عوام کو بااختیار بنانے اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے نوجوانوں کے لیے تعلیم اور روزگار کے مواقع حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونے چاہئیں، گلگت بلتستان کے عوام کو بہتر صحت کی سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ثمرات ملنے چاہئیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمانی اور ان کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 21

کی فراہمی کے امور بھی زیر بحث آئے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے انتخابات سے پہلے وعدہ کیا تھا کہ یہاں کی عوام سے اپنا تعلق مضبوط رکھیں گے، ہم نے اپنے وعدے پر پہرہ دیا ہے اور ان شااللہ ہر آنے والے دن یہ تعلق مزید مضبوط ہوگا۔ حلقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز اٹھارہے ہیں، سیاسی مخالفین ہمارے عزم سے حواس باختہ ہوکر منفی پراپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں لیکن عوام انہیں یکسر مسترد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا ہوچکے ہیں اور اب ان کی کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔ ہمایوں اختر خان حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے جہاں انہوں نے مرحومین کے ورثاء سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 22

علاوہ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ مری، گلیات اور گردونواح میں مطلع جزوی ابرآلود جبکہ صبح اور رات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کی توقع ہے۔ سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ دن کے دوران گرمی رہے گی۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم خشک رہے گا، تاہم شمالی اضلاع میں صبح و رات کے اوقات میں سردی کا امکان ہے۔ کشمیر اور گلگت بلتستان میں مطلع جزوی ابرآلود اور موسم سرد رہے گا۔ تاہم شام اور رات کے اوقات میں گلگت بلتستان میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہوسکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ شمالی علاقوں میں سرد اور مطلع جزوی ابرآلود رہا۔ گزشتہ روز ریکارڈ کیے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں لہہ میں منفی چار، اسکردو میں منفی ایک اور استور میں تین ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 23

ساتھ مل کر کام کرے گا، ترقی پذیر ممالک میں سرکاری اور نجی سرمایہ کاری بڑھانے کیساتھ معاشی اصلاحات اور پائیدار ترقی کے لیے مالی وسائل کی فراہمی بھی ترجیحات میں شامل ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ جی 24 کی کامیابی کا اصل پیمانہ ترقی پذیر ممالک کیعوام کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے، پاکستان ترقی پذیر ممالک کی اجتماعی آواز کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (جی 24) کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نیکہا کہ یہ پیشرفت عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے مؤثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گی۔ انہوں نیورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں میں پاکستان کے مؤثر کردار کو بھی سراہتے ہوئیکہا کہ یہ کامیابی عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کو مزید مضبوط کرے گی۔

بقیہ 24

جائے گا، جس کیلئے سرکاری زمین فراہم کریں گے۔

بقیہ 25

سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ نظام انصاف میں بہتری، مقدمات کے بروقت فیصلوں اور سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کررہی ہے اس لیے وکلا کو معاشی اور پیشہ ورانہ تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے۔ پنجاب بار کونسل وکلاء اور ان کے اہل خانہ کو صحت، علاج معالجے، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ نوجوان وکلاء کی تربیت اور قانونی تعلیم کے معیار میں بہتری کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ملک میں جمہوری استحکام، قانون کی حکمرانی اور قومی اتحاد کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 26

مطابق بھارتی حکومت کی سرپرستی میں سکھوں کے خلاف باقاعدہ نسل کشی کی مہم چلائی گئی۔

بقیہ 27

اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا، اصل درآمدی لاگت دستیاب نہ ہونے کی صورت میں آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات استعمال کئے جاسکیں گے، آئل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کرسکیں گی، پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی بھی اسی سطح پر برقرار رکھنے کی اجازت ہو گی۔ ذرائع کیمطابق حقیقی درآمدی اور ایکس ریفائنری قیمت کے فرق کی رقم ریفائنریز کو پیٹرولیم لیوی کی مد میں جمع کرانا ہوگی، لیوی میں رودبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا۔ پیٹرولیم ڈویژن نے تمام آئل ریفائنریز کو خطوط ارسال کرتے ہوئے روزانہ پیٹرول کی فروخت کی تفصیلات اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن کو فراہم کرنیکی ہدایت کی ہے، فروخت کی رپورٹس کیساتھ سی پی آرز اور چالان بھی جمع کرانا ہوں گے، اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن اضافی لیوی کی ادائیگیوں اور حسابات کی تصدیق کریں گے۔ دوسری جانب ریفائنری ذرائع نے حکومتی فیصلے کو سیاسی قرار دیتے ہوئے اس پر نظرثانی کے لئے خط لکھنے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ 28

مسلسل رابطہ کاری کے تحت جاری ہیں۔ دوسری جانب خلیجی ممالک کو خدشہ ہے کہ انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملے شروع ہوسکتے ہیں، جس سے خطے میں کشیدگی ایک بار پھر بڑھنے کا امکان ہے۔

بقیہ 29

بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اہلیان گلگت بلتستان کے درمیان رشتہ محض لفظوں کا نہیں بلکہ عملی اقدامات کا رشتہ ہے، یہ تعلق اعتبار، چاہت اور قربت کا ہے جو گزرتے وقت کے ساتھ مزید گہرا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو وہ پہلے قومی لیڈر تھے جنہوں نے گلگت بلتستان کے باسیوں کو غلامی کی زنجیروں سے نکال کر آزاد فضا میں سانس لینے کا موقع دیا، شہید بھٹو نے وہاں سے ایف سی آر کے نظام کو ختم کیا۔

بقیہ 30

بھروسہ نہیں ہے۔ امریکی صدر نے کہا ایران کے ساتھ مذاکرات ٹھیک چل رہے ہیں، ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے، دیکھتے ہیں وہ معاہدہ کرتا ہے یا نہیں، ایران سے مذاکرات کے لیے ہمیں کوئی جلدی نہیں۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہم نے ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام، پیداواری صلاحیتوں اور جوہری پروگرام کو تباہ کر دیا ہے۔ ایران پر دوبارہ حملوں کے سوال پر ٹرمپ نے جواب دیا یہ بے وقوفانہ سوال ہے تاہم انہوں نے مزید کہا کہ ہم ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنا چکے ہیں، ایک یا دو مزید جوہری تنصیبات پر کارروائی باقی ہے، ضرورت پڑی تو ان تنصیبات پر 10 منٹ میں کارروائی کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 31

امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر تمام زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو 1122 سینٹر بختیار آباد منتقل کر دیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام زخمیوں کو مزید اور بہتر علاج کے لیے سکھر منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ 32

اللہ، عبدالنافع، طائب اور یاسر کے اہلخانہ نے بھی ان سے لاتعلقی اختیار کرلی۔ خاندانوں کا کہنا تھا کہ لاپتا ہونے کے بعد دہشت گرد تنظیموں میں شامل ہونے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد سے ان کا کوئی تعلق نہیں، اگر ان کے بیٹے دہشت گردوں کے ایجنڈے پر کام کرتے پائے گئے تو وہ بھی ان سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔ اعداد وشمار کے مطابق جنوری سے اکتوبر 2026 کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان اپنے دہشت گرد بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرچکے ہیں۔

بقیہ 33

بلتستان میں سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی قومی دھارے میں بھرپور شمولیت یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پارلیمان ملک کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی، عوامی فلاح وبہبود اور معاشی ترقی کے لیے کردار ادا کرتی رہے گی۔ سردار ایاز صادق نے گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 34

خیرمقدم کرتے ہوئے وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور متعلقہ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرمملکت نے پاکستان کی جانب سے جی۔24 کی صدارت سنبھالنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی جی۔24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ صدرمملکت نے کہا کہ پاکستان جی۔24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کرسکے گا۔ صدرمملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

بقیہ 35

بوئنگ 787-9 ہے۔ بوئنگ 787-9 جدید ٹیکنالوجی بشمول ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سے لیس ہے اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے، ڈریم لائنر کی شمولیت پی آئی اے کے فضائی بیڑے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بین الاقوامی نیٹ ورک کو مضبوط بنانے کی حکمتِ عملی کا حصہ ہے۔

بقیہ 36

افغان ریفیوجی کمشنریٹ اور دوسروں کے حق پر ڈاکا ڈالا۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ اگر مولانا خود زمینوں پر قبضہ اور قبضہ مافیا بنیں گے تو لوگوں کو کیا درس دیں گے؟ کیا وہ لوگوں کو یہ درس دیں گے کہ وہ بھی دوسروں کی زمینوں پر قبضہ کریں؟ شہدا سے متعلق بات کرتے ہیں تو ان کے نام پر آپ لوگوں نے بھی زمینیں حاصل کیں۔ آپ لوگوں کا کیا حق بنتا ہے کہ شہدا کے نام پر زمینیں حاصل کریں؟ مولانا کو چاہیے پہلے خود کو صاف شفاف کریں اور پھر دوسروں کے بارے میں بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کی کرپشن کے معاملے کو متعلقہ محکمہ دیکھ رہا ہے۔ جب تک بڑے مگرمچھوں کو سزا نہیں ہوگی تب تک کوئی آپ پر اعتماد نہیں کرے گا۔ گورنر کے پی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عدل و انصاف پر غلطی کی کوئی گنجائش نہیں۔ گزشتہ 13 سال کے دوران صوبے میں بہت کچھ ہوا جس پر آہستہ آہستہ قابو پا رہے ہیں۔ امن کی جانب سفر شروع کر رہے ہیں، انشا اللہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کریں گے۔ فیصل کریم نے مزید کہا کہ وفاق اور صوبہ ایک پیج پر ہیں اور ہمارے درمیان کوئی اختلاف نہیں۔ ہم دیگر صوبوں کیساتھ بھی اچھے تعلقات چاہتے ہیں۔

بقیہ 37

بیان میں کہا کہ یہ آپریشن سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہترین حکمت عملی اور انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر انجام دیا گیا۔ انہوں نے پرنس آغا محمد خان کی بحفاظت بازیابی پران کے خاندان کو مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ 38

بحری جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی آپریشنل صلاحیت کا مظہر ہے، ضروری اشیا کی بروقت ترسیل غذائی تحفظ کے لئے ناگزیر ہے، جبکہ بندرگاہوں پر کارگو ہینڈلنگ کی استعداد بڑھانا حکومت کی ترجیح ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد کے مطابق کراچی پورٹ ملکی تجارت اور سپلائی چین میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بہتر بنانے پر کام جاری ہے۔

بقیہ 39

انداز میں انجام دے سکیں، سرکاری دفاتر کی بہتری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے متعلقہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع اوستہ محمد ایک نیا ضلع ہے، جہاں سرکاری دفاتر کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف اقدامات جاری ہیں۔ نئے ضلع میں سرکاری اداروں کو فعال بنانے اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے کام کرنا ایک بڑا مرحلہ ہے، جس کے دوران بعض مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، تاہم ان شا اللہ تمام مسائل کو بتدریج حل کیا جائے گا اور سرکاری اداروں کو مزید مستحکم بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے گنداخہ پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران اور جوان علاقے میں امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے بہتر انداز میں فرائض انجام دے رہے ہیں۔ پولیس کی مؤثر کارکردگی کسی بھی علاقے میں امن واستحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے پولیس اہلکاروں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں ضروری سہولیات کی فراہمی پر بھی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ علاقے میں امن وامان کے قیام پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ مشکوک سرگرمیوں میں ملوث افراد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے، جرائم کی روک تھام کے لیے نگرانی کا نظام بہتر کیا جائے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کا حل، سرکاری اداروں کی بہتری اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں انتظامی امور کی بہتری، پولیس کو درپیش مشکلات کے ازالے اور عوامی ریلیف کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 40

ہوا، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا، جس کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کی گئی ہے۔

بقیہ 41

فوری طور پر بحال کی جائے تاکہ طلبا اور عوام کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔ انٹرنیٹ بحال کرو، طلبا کا تعلیمی مستقبل محفوظ بنا!۔

بقیہ 42

نوٹس لے اور امتحانات کی تاریخوں کا اعلان کر کے طلبا و طالبات کا قیمتی وقت ضائع ہونے سے بچائے۔

بقیہ 43

اضافہ کردیا ہے جسکے نتیجے میں بنیادی غذائی ضرورت غریب اور متوسط طبقے کی قوتِ خرید سے باہر ہوتی جارہی ہے۔ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار عوام کی زندگی مزید اجیرن بنادی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے دعوے اس وقت تک بے معنی ہیں جب تک گرانفروشوں ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خور عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی نہیں کی جاتی۔ عوامی مفادات کے تحفظ میں حکومتی غفلت اور انتظامی کمزوریوں کے باعث شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت گندم اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کرے۔

بقیہ 44

عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ حکومت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے تاکہ عوام کو بہتر زندگی کی سہولیات میسر آسکیں۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے جمہوری عمل پر اعتماد کرتے ہوئے اپنے نمائندوں کو منتخب کیا ہے اور منتخب عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی توقعات پر پورا اتریں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور عوام کی محرومیوں کے خاتمے کے لیے ٹھوس منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز نے کہا کہ امن و امان کا قیام ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت بلوچستان صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند ہیں اور صوبے کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے متحد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات کے خاتمے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے محفوظ رکھنے کے لیے ایکسائز اور نارکوٹکس کنٹرول کے ادارے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ منشیات فروش عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں اور اس حوالے سے عوامی تعاون بھی انتہائی ضروری ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور اس کی ترقی و خوشحالی کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی و سماجی حلقے صوبے کے روشن مستقبل کے لیے مثبت کردار ادا کریں اور عوامی مفاد کو ترجیح دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی خدمت، میرٹ، شفافیت اور صوبے کی ترقی کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری کے ساتھ ادا کرتے رہیں گے اور بلوچستان کے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہرممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ 45

تاہم نجی طور پر پریکٹس کرنے والے ڈاکٹروں کے لیے خصوصی رعایت دی گئی ہے۔ ان سے دو فیصد یا ماہانہ تین ہزار روپے، جو بھی زیادہ ہو، وصول کیے جاتے ہیں۔ لیبارٹریوں کے لیے یہ شرح دو فیصد جبکہ ہسپتالوں اور کلینکس کے لیے تین فیصد ہے۔ بی آر اے کے مطابق اس حساب سے ڈاکٹرز کی ایک ہزار روپے کی فیس میں صرف 20 روپے سروسز ٹیکس مقرر ہے جو باقی شعبوں کے مقابلے میں بہت کم ٹیکس ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ماضی میں ٹیکس کی وصولی اور قوانین پر عمل درآمد کا نظام مؤثر نہیں تھا اب بی آر اے کو ذمہ داری ملنے کے بعد ٹیکس رجسٹریشن، نوٹسز اور وصولی کے عمل کو تیز کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ٹیکس واجبات ادانہ کرنے والے بعض ڈاکٹروں کے بینک اکاؤنٹس بھی اٹیچ کیے گئے ہیں جس کے باعث وہ ٹیکس کی ادائیگی تک ان اکاؤنٹس سے لین دین نہیں کرسکیں گے۔ بی آر اے کا کہنا ہے کہ ٹیکس قوانین کا اطلاق صرف ڈاکٹروں تک محدود نہیں بلکہ وکلاسمیت دیگر پیشہ ورانہ شعبوں کو بھی نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ اتھارٹی کے مطابق اس اقدام کا مقصد ٹیکس قوانین اور نظام کا یکساں عمل درآمد اور صوبائی آمدن میں اضافہ ہے۔

بقیہ 46

تھا کہ حکومتی فارمولے کے نفاذ سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہوسکتا ہے، جس کے باعث ایسوسی ایشنز نے اس طریقہ کار کو قبول کرنے سے انکار کردیا ہے۔

بقیہ 47

بنیادی وجہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کی روک تھام میں ناکامی ہے۔ سرکاری ریڈیو پاکستان کے مطابق وزارت اطلاعات نے واضح کیا کہ پاکستان کیلئے دہشت گردی ایک سرخ لکیر ہے اور اپنے شہریوں کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے 31 اکتوبر کو حریت ریڈیو کو دیے گئے انٹرویو میں الزام عائد کیا تھا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ جاری کشیدگی مذاکرات کے ذریعے ختم کرنے کیلئے تیار نہیں، کابل نے تنازع کے حل کیلئے متعدد مرتبہ سفارتی کوششیں کیں اور مختلف ممالک کی ثالثی سے دونوں حکومتوں کے درمیان پیغامات کا تبادلہ بھی جاری رہا، لیکن ان کوششوں کا کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ ذبیح اللہ مجاہد نے دعوی کیا کہ پاکستان کی غلط پالیسیاں تنازع کے حل میں رکاوٹ ہیں اور اسلام آباد اختلافات کے پرامن حل کیلئے مطلوبہ آمادگی نہیں دکھا رہا، افغان ترجمان نے حالیہ سرحدی جھڑپوں کے حوالے سے بھی دعوی کیا کہ طالبان نے کشیدگی شروع نہیں کی اور ان کی کارروائیاں دفاعی نوعیت کی تھیں۔ پاکستان کی وزارتِ اطلاعات نے افغان ترجمان کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ طالبان قیادت اسلام آباد کی پالیسیوں پر تنقید تو کرتی ہے، لیکن افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کے بنیادی مسئلے کو حل کرنے کیلئے مؤثر اقدامات نہیں کررہی۔ وزارت کے مطابق طالبان حکومت کی جانب سے دہشت گردی کے مسئلے سے مسلسل پہلوتہی دونوں ممالک کے تعلقات معمول پر آنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، الزام تراشی، غیر مؤثر یقین دہانیاں اور پاکستان کی پالیسیوں پر سوال اٹھانے سے نہ تو بحران ختم ہوگا

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان اور سیکرٹری ٹی ڈی اے پی شہریار تاج ویکس نیٹ نمائش کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

گلگت بلتستان اپنی جغرافیائی اہمیت اور قدرتی وسائل کے باعث ایک ممتاز مقام رکھتا ہے

اسلام آباد(اے این این) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ یکم نومبر 1947 کا دن گلگت بلتستان کی تاریخ کا درخشاں باب ہے، گلگت بلتستان کے عوام نے بے مثال جرات، عزم اور قربانیوں سے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی۔ اپنے تہنیتی پیغام میں سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے والہانہ محبت اور وابستگی پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے، تحریکِ آزادی میں حصہ لینے والے غازیوں اور شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے گلگت بلتستان کی تحریکِ آزادی کے غازیوں اور شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان اپنی جغرافیائی اہمیت اور قدرتی وسائل کے باعث ایک ممتاز مقام رکھتا ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ گلگت بلتستان میں علاقائی تجارت اور سیاحت کے فروغ کے وسیع تر مواقع موجود ہیں، گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ گلگت بلتستان میں تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع کی فراہمی اولین قومی ترجیحات میں شامل ہیں، گلگت

(بقیہ33اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان کی جی-24 کی صدارت کا خیر مقدم، صدر زرداری کی وزیر خزانہ کو مبارکباد

جی-24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی موثر نمائندگی کا اہم موقع ہے

اسلام آباد(اے این این) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے جی۔ 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور متعلقہ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے پاکستان کی جانب سے جی۔24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی جی۔ 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان جی۔ 24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کر سکے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے جی۔ 24 کی صدارت سنبھالنے کا

(بقیہ34اندرونی صفحہ 3 پر)

خان آف قلات کے ولی عہد کی بازیابی پر جان اچکزئی کی اہل خانہ کو مبارکباد

پرنس آغا محمد خان بحفاظت بازیابی کی وجہ سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن ہے، جان اچکزئی

کوئٹہ(یو این اے) سابق صوبائی وزیر جان اچکزئی نے دعوی کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک اہم آپریشن کے دوران خان آف قلات کے ولی عہد پرنس آغا محمد خان کو بحفاظت بازیاب کروا لیا ہے۔ جان اچکزئی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ یہ آپریشن سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بہترین حکمت عملی اور انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر انجام دیا گیا۔ انہوں نے پرنس آغا محمد خان کی بحفاظت بازیابی پر ان کے خاندان کو مبارکباد بھی پیش کی۔ سابق صوبائی وزیر جان اچکزئی نے دعوی کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک اہم آپریشن کے دوران خان آف قلات کے ولی عہد پرنس آغا محمد خان کو بحفاظت بازیاب کروالیا ہے۔ جان اچکزئی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے

(بقیہ37اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں متعدد خاندانوں کا دہشتگردی میں ملوث اہلخانہ سے اعلانِ لاتعلقی

کوئٹہ(جی این ایم) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں متعدد خاندانوں نے دہشت گردی میں ملوث اپنے بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے شدید نفرت کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کوئٹہ میں جہانزیب، نور زیب، انور، مجیب، قاسم اور عبیداللہ کے اہلخانہ نے ان سے تعلق ختم کرنے کا اعلان کیا، مستونگ سے تعلق رکھنے والے یونس شاہوانی کے خاندان نے بھی اس کے کسی عمل سے خود کو الگ کرلیا۔ کچھی میں عنایت

(بقیہ32اندرونی صفحہ 3 پر)

پی آئی اے کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد(جی این ایم) پی آئی اے کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا۔ سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر پہلے ڈریم لائنر طیارے کا استقبال کیا۔ لیز پر حاصل کردہ جدید ترین ڈریم لائنر لندن سے پرواز PK786 بن کر اسلام آباد پہنچا، یہ طیارہ پاکستان کی کسی بھی ایئر لائن کے فضائی بیڑے میں شامل ہونے والا اپنی نوعیت کا پہلا

(بقیہ35اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی بندرگاہ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہازوں کی آمد

کراچی(جی این ایم) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہاز پہنچ گئے، دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ ترجمان کراچی پورٹ کے مطابق بندرگاہ پر 1 لاکھ 1 ہزار ٹن درآمدی کارگو ہینڈل کیا گیا، جس میں 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد جبکہ 51 ہزار ٹن گندم شامل ہے، گندم کی ہینڈلنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ 2

(بقیہ38اندرونی صفحہ 3 پر)

بولان، بختیار آباد میں ایس ایس پی بولان کی گاڑی کو حادثہ، فیملی اور گارڈ سمیت 3 افراد زخمی

متاثرین کو ریسکیو 1122 سینٹر میں ابتدائی طبی امداد کے بعد سکھر منتقل کرنے کی تیاریاں

بولان(یو این اے) ضلع بولان میں بختیار آباد کے مقام پر ایس ایس پی بولان کی گاڑی حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں فیملی کے افراد اور گارڈ سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی بولان اپنی فیملی کے ہمراہ اندرونِ سندھ سے ڈھاڈر کی طرف جا رہے تھے کہ بختیار آباد کے قریب گاڑی اچانک الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ایس ایس پی کی فیملی کے اراکین اور ان کا گارڈ شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی

(بقیہ31اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کی ایک یا دو جوہری تنصیبات پر کارروائی باقی ہے، ٹرمپ

ایران معاہدہ کرتا ہے اور پھر پیچھے ہٹ جاتا ہے، ضرورت پڑی تو 10 منٹ میں کارروائی کی جاسکتی ہے

واشنگٹن(جی این ایم) امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کا کہنا ہے کہ امریکا ایران پر بمباری دوبارہ شروع کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی اخبار نے اپنی رپورٹ میں کہ فوجی کارروائی امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد شروع ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرتا ہے اور پھر پیچھے ہٹ جاتا ہے، ایران زیادہ قابل

(بقیہ30اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عدل و انصاف پر غلطی کی کوئی گنجائش نہیں، فیصل کنڈی

مولانا ریاست کیخلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟ گورنر خیبر پشتونخوا

پشاور(جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریاست مخالف بیانیے پر ان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک دوسرے کے خلاف سیاسی بیانات کا سلسلہ چلتا رہتا ہے، مگر مولانا ریاست کے خلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟۔ ایک انٹرویو میں گورنر کے پی نے کہا کہ مولانا دوسروں کو انصاف اور برابری کا درس دیتے ہیں، لیکن جب خوشاب اور کراچی میں ڈی سی تعینات ہوئے تو اس وقت انصاف کہاں تھا۔ ان کے بھائی پی ٹی سی ایل،

(بقیہ36اندرونی صفحہ 3 پر)

گنداخہ، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک فیصل خان جمالی کا ڈی ایس پی سرکل دفتر کا دورہ

ضلع اوستہ محمد کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط کر رہے ہیں، امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، صوبائی وزیر

گنداخہ(یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے ڈی ایس پی سرکل گنداخہ کے دفتر کی خستہ حال عمارت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے عمارت کی موجودہ صورتحال، پولیس افسران کو درپیش دفتری مشکلات اور مرمت و بحالی کے امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی اور ایس ایچ او گنداخہ نواب علی جمالی نے صوبائی وزیر کو دفتر کی خستہ حالی اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ڈی ایس پی سرکل گنداخہ کے دفتر کی خستہ حال عمارت کی مرمت اور بحالی کے لیے بہت جلد ضروری اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ پولیس افسران اور اہلکاروں کو بہتر دفتری ماحول میسر آسکے اور وہ اپنی سرکاری ذمہ داریاں مزید مؤ

(بقیہ 39اندرونی صفحہ 3 پر)

حکومت کی بے حسی اور انتظامی ناکامی نے عوام کو مشکلات میں دھکیل دیا، جمعیت

آٹے و اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ، گرانفروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ(یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی بے حسی اور طرزِ حکمرانی نے عوام کو سنگین معاشی و معاشرتی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ حکومتی دعوں اور عملی اقدامات میں تضاد ہے وزیر اعلی وزرا اور افسر شاہی عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام بے روزگاری ہوشربا مہنگائی ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی جیسے سنگین مسائل کے باعث شدید اذیت سے دوچار ہیں۔ گندم کے بحران نے آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا

(بقیہ 43اندرونی صفحہ 3 پر)

گیس بحران میں اضافہ، نئے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی گئی

کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند، ہزاروں افراد فوری کنکشن کے لیے اضافی فیس ادا کرنے کے باوجود انتظار میں ہیں

کنکشن پر پابندی وزارت پیٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے، سوئی گیس حکام

لاہور(جی این ایم) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی میں غیر معینہ مدت تک توسیع کردی۔ ذرائع کے مطابق رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کردیئے گئے ہیں جبکہ ہزاروں صارفین ارجنٹ فیس جمع کروانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آر ایل این جی سپلائی تعطلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے تاہم سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی ہے۔ سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پیٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے۔

صحبت پور، فائرنگ کے تبادلے کے بعد پولیس نے چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کر لیا، ملزمان فرار

بہترین کارکردگی پر شہریوں کا ایس ایچ او منظار علی کی گلپوشی، سابق ایس ایچ او شبیر پندرانی بھی موجود

صحبت پور(یو این اے) صحبت پور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مسلح ملزمان کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد شہریوں سے چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کر لیا، جبکہ ملزمان اندھارے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تخی درمحمد روڈ پر معمول کی چیکنگ کے دوران پولیس پارٹی پر مسلح چوروں و ڈکیتوں نے اچانک فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جانب سے بھی فوری اور موثر جوابی فائرنگ کی گئی، جس پر ملزمان سراسیمہ ہو کر چھینا ہوا موٹر سائیکل موقع پر ہی چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے برآمد شدہ موٹر سائیکل قانونی کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا، جس پر مالکان اور علاقہ مکینوں نے شدید خوشی کا اظہار کیا۔

پولیس تھانہ صدر کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ سمیت ملزم گرفتار

ٹی ٹی پستول اور گولیاں برآمد، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ایس ایچ او عبدالعزیز سولنگی

سیوی(یو این اے) ڈی آئی جی سیوی رینج پرویز خان عمرانی کے احکامات اور ایس ایس پی سیوی عبدالحمید کی خصوصی ہدایات پر پولیس تھانہ صدر سیوی کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ٹی ٹی پستول بمعہ میگزین اور پانچ زندہ گولیاں برآمد کر لی گئیں، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی خان نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ایک ملزم کو گرفتار کیا پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک عدد ٹی ٹی پستول بمعہ میگزین اور پانچ عدد زندہ گولیاں برآمد کر لیں۔

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین بچے کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہی ہیں

کوئٹہ، بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری، جنرل سیکرٹری حاجی قائم خان کاکڑ، محمد طیب کاکڑ، محمد کریم جتک اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور، سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی عمارت سے جاسوس ڈرون ٹکرا گیا

نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی نیت سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب ڈرون بھیجا، پولیس

لاہور(جی این ایم) لاہور میں کاؤنٹر ٹیررزم ڈپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ گزشتہ شب 12 بجکر 30 منٹ پر پیش آیا، جس سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سرویلنس ڈرون جلو موڑ کی طرف سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب آیا۔ حکام نے بتایا کہ جدید ساختہ سرویلنس ڈرون ہیڈکوارٹرز کی بیرونی دیوار سے ٹکرانے کے بعد نیچے گر گیا۔ ڈرون کی مدد سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کے اندرونی حصوں کی ریکی جاری تھی۔ سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی سیکیورٹی ٹیم نے سرویلنس ڈرون قبضے میں لے لیا اور اس وقت ڈرون کے ساتھ منسلک کیمروں اور بیٹری کی لائٹس آپریشنل تھیں۔

یونانی بندرگاہ کی اسرائیلی کمپنی کو فروخت کے خلاف عوامی احتجاج، فلسطینی پرچم بھی لہرائے گئے

ایتھنز(جی این ایم) یونان کے شہر لاوریو میں مظاہرین بندرگاہ کی نجکاری اور اسے اسرائیلی کمپنی کے حوالے کیے جانے کے منصوبے کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مظاہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بندرگاہ کی نجکاری کا فیصلہ منسوخ کیا جائے اور اسے اسلحے یا فوجی سازوسامان کی ترسیل کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ احتجاج کی بڑی وجہ یہ ہے

جعلی فارم 47 پر قائم پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات ! کیسی اصلاحات؟ اسد عمر

جعلی فارم 47 کے ذمہ داروں اور جعلی نتائج کی بنیاد پر پارلیمنٹ میں داخل ہونے والوں کو سزا ہوگی؟

اسلام آباد(جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے ملکی سیاسی اور معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ حکومت، انتخابی اصلاحات کی کوششوں اور حکومتی معاشی دعوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں اسد عمر نے پارلیمنٹ کی جانب سے کی جانے والی انتخابی اصلاحات کی شفافیت اور قانونی حیثیت پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ ایسی پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات کی کیا حیثیت ہے، جو خود مبینہ جعلی فارم 47 پر قائم کی گئی ہو؟۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اصلی اور حقیقی اصلاحات یہ ہونی چاہئیں خلاف سخت قانونی سزا کا تعین کیا جائے،

144 تجارتی جہازوں کا رخ موڑ دیا: امریکی سینٹکام

واشنگٹن(جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے کہا ہے کہ ایران کی بحری ناکہ بندی کے تحت امریکی فورسز نے اب تک 144 تجارتی جہازوں کا راستہ تبدیل کرایا ہے۔ سینٹکام نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ ان جہازوں کا رخ ناکہ بندی کی پابندی یقینی بنانے کے لیے موڑا گیا بندی پر عمل درآمد میں معاونت کر رہا ہے۔

کچھی، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی

مستونگ کا رہائشی عبدالرشید شاہوانی زخمی، ملزمان فرار، ڈھاڈر پولیس کا علاقے میں سرچ آپریشن شروع

کچھی(یو این اے) بولان کے علاقے کوٹ کھائی کے قریب ڈاکوؤں کی لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کوٹ کھائی کے قریب ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کی، جس پر مزاحمت کے دوران مسلح ملزمان نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں عبدالرشید ولد احمد خان شاہوانی زخمی ہو گئے۔ زخمی شخص کا تعلق ضلع مستونگ سے بتایا جاتا ہے۔

مذہب کے نام پر غیر قانونی قبضہ جاری نہیں رہ سکتا، طلال چوہدری

وزیر داخلہ محسن نقوی پر ذاتی حملے کیے گئے، لیکن ان کے موقف کا جواب نہیں دیا جاسکا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں تجاوزات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے اور شہر کو ہر صورت تجاوزات سے پاک کیا جائے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی اپنی نگرانی میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کروا رہے ہیں، غیر قانونی قبضوں کے پیچھے کوئی بھی طاقتور شخصیت ہو یا امیر، آپریشن جاری رہے گا، کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے وفاقی دارالحکومت میں تجاوزات کے خلاف مہم جاری ہے، جس کے دوران اربوں روپے مالیت کی سرکاری اور نجی زمین واگزار کرائی گئی ہے۔ کی زمین قبضہ مافیا سے واگزار کرائی گئی۔

امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے قبل ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بن گیا

واشنگٹن(جی این ایم) امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے قبل ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بن گیا۔ یونیورسٹی آف فلوریڈا کی الیکشن لیب کے مطابق اب تک پانچ کروڑ 27 لاکھ 96 ہزار سے زائد امریکی ووٹ ڈال چکے ہیں، جس کے بعد 2022 کے وسط مدتی انتخابات کا ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ گزشتہ وسط مدتی انتخابات میں چار کروڑ 59 لاکھ ووٹ قبل از وقت ڈالے گئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق اب تک دو کروڑ 38 لاکھ سے زائد بیلٹ پیپرز ڈاک کے ذریعے موصول ہو چکے ہیں۔ امریکی انتخابات میں ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 اور سینیٹ کی 35 نشستوں سمیت مختلف ریاستی عہدوں کے لیے بھی ووٹنگ ہوگی۔

صحبت پور، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی ٹکر سے پولیس افسر زخمی، ملزمان فرار

سب انسپکٹر ہوت کھوسو مقامی ہسپتال منتقل، حالت خطرے سے باہر، پولیس کی تفتیش جاری

صحبت پور(یو این اے) ضلع صحبت پور میں پولیس تھانہ صحبت پور کی حدود میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس افسر کو شدید ٹکر مار کر زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق سب انسپکٹر ہوت کھوسو فرض کی ادائیگی کے دوران نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی زد میں آ کر زخمی ہو گئے، جبکہ حادثے کے فوراً بعد موٹر سائیکل سوار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد پولیس نے زخمی سب انسپکٹر کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا،

ملک بھر میں تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کل سے شروع ہوگی

97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے

لاہور(جی این ایم) ملک بھر کے 97 مخصوص اضلاع میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کل 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ رواں سال کی تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک کے 97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گیلیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے

کوئٹہ، اہلیان جبل نورو ہل علاقہ بروری سردار صلاح الدین محمد حسنی، غلام نبی زہری، میر باری داد محمد حسنی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوامی خدمت، شفافیت اور ترقی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، محمد خان لہڑی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبے کے تمام علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کے ثمرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں' پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

حکومت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، مواصلات اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر زندگی کی سہولیات میسر آسکیں

کوئٹہ(اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی اور بلوچستان کی ہمہ جہت ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبے کے تمام علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کے ثمرات بتدریج

(بقیہ44اندرونی صفحہ 3 پر)

پیٹرولیم لیوی میں 10 سے 15 روپے فی لیٹر کمی کا امکان، نیا فارمولا جاری

نئے فارمولے کے تحت ریفائنریز پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں بھی فی لیٹر حصہ ڈالیں گی، ذرائع

ریفائنری ذرائع نے حکومتی فیصلے کو سیاسی قرار دیا، نظرثانی کے لئے خط لکھنے کا اعلان

اسلام آباد(جی این ایم) حکومت کی جانب سے صارفین پر پیٹرولیم لیوی کا بوجھ کم کرنے کیلئے اقدامات شروع کردیئے گئے، پیٹرولیم ڈویژن نے آئل ریفائنریز کیلئے قیمتوں کے تعین کا نیا فارمولا جاری کر دیا، جس کے تحت ریفائنریز بھی پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں فی لیٹر حصہ ڈالیں گی۔ رپورٹ کے مطابق درآمدی کارگو پر ایکسیڈینٹل چارجز مارچ سے پہلے کی سطح پر مقرر ہوں گے اور اس سے حاصل ہونے والی بچت پیٹرولیم لیوی کم کرنے کیلئے استعمال کی جائے گی، ریفائنری ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے پیٹرولیم لیوی میں 10 سے 15 روپے فی لیٹر کمی ممکن ہے، تاہم ریفائنریز کو فی لیٹر 30 روپے سے زائد نقصان کا خدشہ ہے۔ نئے فارمولے کے تحت پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے

(بقیہ27اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران امریکا کشیدگی کم کرنے کی کوششیں تیز، دوحہ میں ایرانی وفد کی قطری ثالثوں سے ملاقات

ملاقات میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر بات چیت کی گئی، رپورٹ

دوحہ(جی این ایم) ایران اور امریکا کے درمیان ممکنہ نئی جنگ روکنے اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیسفارتی کوششیں تیز کردی گئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی مذاکراتی وفد نے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں قطری ثالثوں سے ملاقات کی، جس میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی اور قطری نمائندوں کے درمیان 12 گھنٹے سے زائد بات چیت ہوئی، یہ سفارتی رابطے واشنگٹن کے ساتھ مسلسل رابطہ کاری کے تحت جاری ہیں۔ دوسری جانب خلیجی ممالک کو خدشہ ہے کہ انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملے شروع ہو سکتے ہیں، جس سے خطے میں کشیدگی ایک بار پھر بڑھنے کا امکان ہے۔ ایران اور امریکا کے درمیان ممکنہ نئی جنگ روکنے اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیسفارتی کوششیں تیز کردی گئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی مذاکراتی وفد نے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں قطری ثالثوں سے ملاقات کی، جس میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی اور قطری نمائندوں کے درمیان 12 گھنٹے سے زائد بات چیت ہوئی، یہ سفارتی رابطے واشنگٹن کے ساتھ

(بقیہ28اندرونی صفحہ 3 پر)

یکم نومبر کو گلگت بلتستان کے جوانوں نے ڈوگرہ راج کوشکست دے کر اپنی دھرتی کو آزاد کرایا، ناز بلوچ

اسلام آباد(یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ناز بلوچ نے گلگت بلتستان کے یومِ آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں یومِ آزادی گلگت بلتستان کے تاریخی دن پر گلگت بلتستان کے دلیر عوام کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر ہماری تاریخ کا وہ درخشاں لمحہ ہے جب گلگت بلتستان کے جوانوں نے مشکلات کے باوجود ڈوگرہ راج کو شکست دے کر اپنی دھرتی کو آزاد کرایا، یہ خطہ بہادر شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی داستان ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری پیغام میں ناز

(بقیہ29اندرونی صفحہ 3 پر)

سیکرٹری ٹی ڈی اے پی شہریار تاج بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کے بہادر سپوتوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی، نفیسہ شاہ

اسلام آباد(یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے گلگت بلتستان کے یومِ آزادی پر اپنے پیغام میں گلگت بلتستان کی بہادر عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر 1947 کا دن ہماری تاریخ کا ایک سنہری باب ہے۔ 1947 میں گلگت بلتستان کے بہادر سپوتوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی،

ژوب، ژوب و شیرانی میں انٹرنیٹ کی طویل بندش کے خلاف طلبہ تنظیموں کی مشترکہ احتجاجی ریلی

تعلیمی و معاشی مشکلات بڑھ گئیں، کلیوال شہید کمال خان چوک پر مظاہرہ، انٹرنیٹ کی فوری بحالی کا مطالبہ

ژوب(یو این اے) ژوب و شیرانی میں انٹرنیٹ سروس کی بندش کے خلاف طلبا تنظیموں کی ڈگری کالج ژوب سے مشترکہ احتجاجی ریلی نکالی گئی ژوب و شیرانی میں گزشتہ ایک ماہ سے انٹرنیٹ سروس کی مسلسل بندش کے خلاف آج ڈگری کالج ژوب سے طلبا تنظیموں آئی ایس ایف پی ایس او اسلامی جماعت طلبا اور دیگر طلبا تنظیموں کی جانب سے مشترکہ احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکا نے کلیوال شہید کمال خان چوک پر پہنچ کر آل پارٹیز ژوب کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے میں شرکت کی اور انٹرنیٹ سروس کی مسلسل بندش کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرایا آل پارٹیز ژوب اور طلبا تنظیموں کا مطالبہ ہے کہ ژوب و شیرانی میں انٹرنیٹ سروس

(بقیہ41اندرونی صفحہ 3 پر)

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی

کراچی(جی این ایم) ویسٹ زون کے علاقے مجیب گوٹھ، تھانہ اورنگی کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک جبکہ پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزم کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مقابلے کے دوران پولیس اہلکار فرحان زخمی

(بقیہ40 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار، بلوچستان یونیورسٹی سے منسلک پرائیویٹ لا کالجز کے طلبہ کا سالانہ امتحانات کے فوری انعقاد کا مطالبہ

نومبر شروع ہونے کے باوجود امتحانی شیڈول جاری نہ ہو سکا، مزید تاخیر تعلیمی مستقبل کے لیے تباہ کن ہوگی، طلبہ کا مشترکہ بیان

خضدار(یو این اے) بلوچستان یونیورسٹی سے منسلک تمام پرائیویٹ لا کالجز کے طلبا نے اپنے مشترکہ بیان میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سالانہ امتحانات کو فوری طور پر منعقد کیا جائے اور ان کے شیڈول کا اعلان کیا جائے طلبا کا کہنا ہے کہ پانچ سالہ پروگرام کے طویل دورانیے کی وجہ سے ان کا تعلیمی حرج پہلے ہی ہو چکا ہے، اور اب سالانہ نظام کے تحت مزید تاخیر ان کے مستقبل کے لیے تباہ کن ثابت ہوگی ماضی میں یہ امتحانات نومبر میں منعقد کیے جاتے تھے، مگر نومبر شروع ہونے کے باوجود اب تک نہ تو امتحانی فارم جمع کرنے کا عمل شروع ہوا ہے اور نہ ہی کوئی شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ اس سنگین صورتحال کے پیش نظر یونیورسٹی انتظامیہ فوری طور پر

(بقیہ42اندرونی صفحہ 3 پر)

یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، طارق فضل

اسلام آباد(یو این اے) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش دن ہے، جب خطے کے بہادر سپوتوں نے بے مثال جرات اور عزم و حوصلے کے ساتھ ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی۔ کی شمع روشن کی اور پاکستان سے محبت و وابستگی کی لازوال مثال قائم کی۔

ایل پی جی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ، ایسوسی ایشن کا ہڑتال کا اعلان

حکومت کے نئے قیمتوں کے تعین سے متعلق طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کا فیصلہ کیا گیا

16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کردی جائے گی، سینئر وائس چیئرمین علی حیدر

اسلام آباد(اے این این) حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشنز نے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اعلان کے مطابق ہڑتال کا آغاز 16 نومبر سے ہوگا اور اس دوران مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی فروخت بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومتی پرائسنگ فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ 16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کر دی جائے گی۔ علی حیدر کے مطابق تمام متعلقہ ایسوسی ایشنز کے ہنگامی اجلاس میں حکومت کے نئے قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کا فیصلہ کیا گیا۔ ان کا کہنا

(بقیہ46اندرونی صفحہ 3 پر)

حب ڈیم کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو نوجوان جاں بحق

مقتولین کی شناخت اسد بندیجہ اور اصغر کے نام سے ہوگئی، فائرنگ کی وجوہات سامنے نہ آسکیں، پولیس کی تحقیقات جاری

حب(یو این اے) ضلع حب میں حب ڈیم کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں 2 نوجوان جاں بحق ہو گئے، جن کی لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ امدادی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں ہلاک ہونے والے دونوں نوجوانوں کو دو، دو گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع نے جاں بحق افراد کی شناخت اسد بندیجہ اور اصغر کے ناموں سے کی ہے۔ واقعے کی فوری اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کے محرکات اور وجوہات تاحال سامنے نہیں آسکی ہیں، تاہم واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جا رہی ہیں تاکہ ملوث عناصر کا سراغ لگایا جا سکے۔

ایران نے برطانیہ کی رائل ایئر فورس اور بحریہ کو دہشت گرد تنظیمیں قرار دیدیا

تہران(جی این ایم) ایران کی وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ برطانوی غیر ملکی انٹیلی جنس سروس ایم آئی 6 کو مخالف گروہوں کی فہرست میں شامل کر لیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کی ایک قرارداد کی بنیاد پر اور برطانوی حکومت کے اقدامات کے ردِعمل میں کیا گیا ہے۔ وزارت نے اعلان کیا

وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام میں نفرت کی علامت بن چکی ہیں، لیاقت بلوچ

جماعت اسلامی پیٹرول لیوی کے خاتمے، بجلی کی قیمتوں میں کمی، آئی پی پیز کے خاتمے کے لیے عملاً جدوجہد کر رہی ہے

مرید کے/ لاہور(اے این این) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک و قوم کی خیرخواہ اور اس کی صالح قیادت ملک کے لیے نیک شگون ہے دینی مدارس اسلام کے قلع اور دینی جماعتیں ملک کی اسلامی نظریاتی، جغرفیائی، سرحدوں کی امین ہیں۔ ختم نبوتؐ ہمارے ایمان کا جزو ہے، ملک میں غیر اسلامی شعار کے خلاف دینی جماعتیں متحد ہیں۔ ملک کے مسائل بڑھتے جا رہے ہیں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن کی باہم بلیک میلنگ جمہوریت، پارلیمنٹ کے لیے تباہ کن ہے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہیں۔

20 لاکھ بیرل خام تیل لے کر ایرانی ٹینکر ساڑھے 3 ماہ بعد چین پہنچ گیا

بیجنگ(جی این ایم) 20 لاکھ بیرل خام تیل سے لدا ایرانی آئل ٹینکر ساڑھے 3 ماہ کے بحری سفر کے بعد چین کی بندرگاہ پر پہنچ گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ٹینکر ٹریکر کمپنی نے دعوی کیا ہے کہ سیٹلائٹ تصاویر سے ایرانی ٹینکر کے چینی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق امریکا کی جانب سے 14 جولائی سے ایران کی بحری ناکہ بندی شروع کیے جانے کے بعد اب تک کوئی ایرانی آئل ٹینکر چین نہیں پہنچا تھا۔ ایران کی بحری ناکہ بندی شروع کیے جانے کے بعد اب تک کوئی ایرانی آئل ٹینکر چین نہیں پہنچا تھا۔

OPAL CROWN
EDUCATIONAL ACADEMY
ANNUAL RESULT
Ceremony
CEO

کوئٹہ، اوپل کراؤن ایجوکیشنل اکیڈمی کی سالانہ رزلٹ تقریب سے اوپل کراؤن کے سی ای او حاجی طاہر خان اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

آئی ٹی پی کی طلبا کیلئے 42روزہ لرنر انتظار کی مدت کے بغیر موٹر سائیکل لائسنس فراہمی جاری

اسلام آباد(یو این اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) نے کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے ایک خصوصی سہولت متعارف کرائی ہے، جس کے تحت یکم نومبر سے 30 نومبر 2026 تک، 42 روزہ لازمی لرنر مدت مکمل کیے بغیر موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ آئی ٹی پی کے حکام کے مطابق، چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) اسلام آباد، کائنات اظہر خان نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت بھر کے طلبا کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے عمل کو آسان اور سہولت بخش بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج اور یونیورسٹی کے اہل طلبا 42 روزہ لرنر مدت کی اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور ضروری تقاضے پورے کرنے کے بعد موقع پر ہی اپنا موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔

ٹیکس وصولی کے خلاف پی ایم اے بلوچستان کا صوبہ گیر ہڑتال کا اعلان

یکم نومبر سے سرکاری او پی ڈیز کا علامتی بائیکاٹ اور نجی او پی ڈیز غیر معینہ مدت کے لیے بند رہیں گی

کوئٹہ(یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان نے ٹیکس وصولیوں کے خلاف صوبے بھر میں ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ تنظیم کے ترجمان مطابق یکم نومبر سے سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈیز میں ایک گھنٹے کا علامتی بائیکاٹ کیا جائے گا جبکہ نجی ہسپتالوں کی او پی ڈیز غیر معینہ مدت کے لیے بند رکھی جائیں گی۔ ہڑتال کے اعلان سے سرکاری اور نجی ہسپتالوں میں علاج کے لیے آنے والے مریضوں کے لیے مشکلات پیدا ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ڈاکٹروں کا مقف ہے کہ طبی خدمات پر ٹیکس عائد نہیں ہونا چاہیے اور وفاقی و صوبائی ٹیکسوں سے ان پر اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کا کہنا ہے کہ پیشہ ورانہ خدمات پر ٹیکس کی وصولی قانون کے تحت کی جا رہی ہے۔ بی آر اے کے مطابق ڈاکٹروں پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ حکومت نے طبی شعبے کو دیگر خدمات فراہم کرنے والے شعبوں کے مقابلے میں خصوصی رعایت دی ہے اتھارٹی کے مطابق ماضی میں ڈاکٹروں سے سیلز ٹیکس کے علاوہ پروفیشنل ٹیکس بھی وصول کیا جاتا تھا۔ پہلے پروفیشنل ٹیکس کی وصولی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ذمہ داری تھی تاہم فنانس ایکٹ 2026 کے تحت یہ ذمہ داری بی آر اے کو منتقل کر دی گئی۔ بی آر اے کا کہنا ہے کہ بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت خدمات پر عمومی ٹیکس کی شرح 15 فیصد ہے

(بقیہ45 اندرونی صفحہ 3 پر)

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)